لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَوَعِيْدٌ لِلْكَافِرِيْنَ سُمِّيَ الْعِيْدُ عِيْدًا لِاَنَّ فَرْحَهُ وَسُرُوْرَهُ يَعُوْدُ وَيَتَكَرَّرُ لَيْسَ الْعِيْدُ لِمَنْ اَكَلَ الثَّرِيْدَ وَلَبِسَ الْجَدِيْدَ اِنَّمَا الْعِيْدُ لِمَنْ اَمِنَ الْوَعِيْدَ لَيْسَ الْعِيْدُ لِمَنْ يَّفْتَخِرُ بِالْعُوْدِ اِنَّمَا الْعِيْدُ لِمَنْ تَابَ مِنَ الذَّنْبِ وَلَا يَعُوْدُ لَيْسَ الْعِيْدُ لِمَنْ نَصَبَ الْقُدُوْرَ اِنَّمَا الْعِيْدُ لِمَنْ سَعِدَ بِالْمَقْدُوْرِ لَيْسَ الْعِيْدُ لِمَنْ رَكِبَ الْمَطَايَا اِنَّمَا الْعِيْدُ لِمَنْ تَرَكَ الْخَطَايَا وَفَازَ بِالْاَجْرِ وَالْعَطَايَا وَالثَّوَابِ الْاَوْفَى يَوْمُ الْعِيْدِ كَيَوْمِ الْقِيَامَةِ عِبْرَةٌ لِاُولِي الْاَلْبَابِ اِجْتِمَاعُ النَّاسِ فِي الْمُصَلّٰى تَذْكِرَةٌ لِاجْتِمَاعِ النَّاسِ فِي الْقِيَامَةِ عَلٰى اِخْتِلَافِهِمْ وَاخْتِلَافِ اَحْوَالِهِمْ فَمِنْهُمْ لَابِسُ بَيَاضٍ وَمِنْهُمْ لَابِسُ سَوَادٍ وَمِنْهُمْ رَاجِلٌ وَمِنْهُمْ رَاكِبٌ وَمِنْهُمْ فَرِحٌ وَمِنْهُمْ مَحْزُوْنٌ مُقَطَّرٌ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْقَلِبُ اِلٰى نِعْمَةٍ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْقَلِبُ اِلَى النِّقْمَةِ كَمَا وَرَدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحْشَرُ النَّاسُ مِنْ قُبُوْرِهِمْ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَثْلَاثٍ ثُلُثٌ عَلَى الدَّوَابِّ وَثُلُثٌ يَمْشُوْنَ عَلٰى اَقْدَامِهِمْ وَثُلُثٌ يُسْحَبُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ وَالنَّاسُ يَنْتَظِرُوْنَ الْاِمَامَ فِي الْمُصَلّٰى كَذٰلِكَ فِي الْمَحْشَرِ - وَالْوُقُوْفُ فِي الْعَرَصَاتِ اِنْتِظَارًا لِمَا دَعَى اللهُ الْاَكْبَرُ وَالْاِشَارَةُ فِي الْخُطْبَةِ

بأن الامام يخطب والناس سكوت كذلك البارى القدوس
الاطهر يحاسب الناس ويعاقب ونحن سكوت ومراتبهم
فى المصلى تشبه مراتبهم يوم القيمة منهم القاعدون
فى الظل ومنهم القاعدون فى الشمس بالحر كذلك
يوم القيامة منهم من يلجمه العرق ومنهم من يكون
تحت ظل عرش الله خالق الجن والبشر وكذلك
انصرافهم من المصلى بعضهم مقبول وبعضهم مردود
إن فى ذلك لعبرة لمن يخشى ولمن اعتبر فاتقوا النار
ولو بشق تمر واستغفروا ربكم إنه كان غفارا
لمن استغفر وادوا صدقة الفطر قبل الصلاة والصيام
معلقة بين السماء والارض حتى يؤدى صدقة الفطر
وامشوا إلى المصلى وصلوا صلاة عيد الفطر ركعتين
مع ست تكبيرات زائدة واستغفروا الله إن الله غفور
رحيم وقولوا ربنا ظلمنا انفسنا وإن لم تغفر لنا وترحمنا
لنكونن من الخاسرين ربنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة
حسنة وقنا عذاب النار

اشعار

| | |
|---|---|
| مومنو اب کیجیے شکرِ خداوندِ جہاں | آج عید الفطر ہے عید سعید صالحاں |

عید ہر یک قوم کی ہوتی ہی بیشک مومنو ۔ پر ہماری عید ہے فرمان شاہ انس و جاں

عود کرتی ہے خوشی اس روز بیشک بار بار ۔ اسلئے کہتے ہیں اسکو عید ہر پیر و جواں

آج کرتے ہیں خوشی عمدہ غذا کہا کر تمام ۔ اور نئے کپڑے پہنکر ہیں خوشی میں ہر زماں

یہ تو ظاہر میں خوشی ہے حقیقت میں خوشی ۔ ہے اسی کو جو کہ پاویگا عذابوں سے اماں

جو گنہ سے دور رہ طاعت کرے حق کی مدام ۔ اسکو بیشک عید ہے اسکو خوشی ہے ہر زماں

ہوویگا جس کا عمل مقبول اسکو عید ہے ۔ عید ہے اسکو جو دیدار حق سے شادماں

مومنوں کو عید ہے اور کافروں کو ہے وعید ۔ جنکے ہوں اچھے ہوں عمل ہی عید انکو بیگماں

عید کا دن ہے یقیں روز قیامت کے مثال ۔ عاقلوں کیواسطے ہے اس میں عبرت کی نشاں

اجتماع عید مثل اجتماع حشر ہے ۔ مختلف حالت جو اب ہے حشر میں بھی ہو عیاں

پا پیادہ بعض ہیں اور بعض ہیں انمیں سوار ۔ کئی ہے غمگین و محزوں کوئی ان میں شادماں

بعض کے پوشاک اجلے بعض کے سرخ و سیاہ ۔ ہے لباس سبز میں سرسبز کوئی شادماں

سرور عالم سے مروی اسطرح ہے ایک حدیث ۔ تین حالت پر اٹھینگے قبر سے سب مردگاں

بعض قدموں پر چلینگے بعض ہوونگے سوار ۔ بعض منہ کے بل گھسیٹے جاوینگے یہی عاصیاں

عیدگہ میں جیسے بیٹھے رہتے ہیں سب منتظر ۔ حشر میں بھی منتظر ہوں گے جزا کے بندگاں

رہتے ہیں خاموش جبکہ خطبہ پڑہتے ہیں خطیب ۔ حشر میں بھی ہوویںگے خاموش سارے بندگاں

خوف غالب ہوگا سب پر ہوویگا کیا فیصلہ ۔ جب حساب نیک و بد لیگا خداوند جہاں

جیسے سایہ میں ہیں بیٹھے بعض کوئی دہوپ میں ۔ حشر کی گرمی بھی یہ ہوگی بہر عصیاں

کوئی پیسہ تک پیٹ میں واں ڈوبا ہوا ۔ ہوگا سر تک غرق کوئی عاصی رب جہاں

پس بچو تم آگ سے کر صدقہ گو آدھا کھجور ۔ رب سے مانگو مغفرت ہے وہ غفور عاصیاں

فطر کا صدقہ نماز سے پہلے ہی دو ۔ بلکہ یوم العید سے پہلے بھی جائز ہے عیاں

اور بعد عید بھی واجب ہے صدقہ فطر کا ۔ ایک سو اور ساٹھ تولہ دیجئے گندم مہرباں

صدقہ گندم دیجئے یا اسکی قیمت کیجئے ۔ حکم ہر دو کا مساوی ہے شریعت میں بیاں

وزن نصف صاع ایکسو ساٹھ تولہ ای عزیز ۔ احتیاطاً کچھ زیادہ ہو تو کیا ہوگا زیاں

صدقہ عید الفطر کا جبتک نہ دیوے گا ادا ۔ ہو رہینگے روزے معلق در زمین و آسماں

صدقہ اپنا اور بچوں کا بھی باپ دے دیجئے ۔ پر نہیں لازم ہے عورت کی طرف سے جاوداں

صدقہ شوہر کا بھی عورت پر نہیں ہے لازمی ۔ گر خوشی سے دیں ہو گیا ادا ای مہرباں

ہووے بچہ پہلے صبح عید کے پیدا اگر ۔ اس کا صدقہ بھی ہے واجب باپ پر ای مہرباں

بعد صبح عید بچہ کوئی پیدا ہو اگر ۔ اس کا صدقہ باپ پر واجب نہیں ہے بیگماں

فطرہ دو یک شخص کا کامل تم یک مسکین کو ۔ تا کہ اس مسکین کی حاجت روائی ہو عیاں

یا الٰہی بخشدے سب مومنوں کو فضل سے ۔ بندہ مسکین خواجہ پر کرم کر جاوداں

ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار واغفر لمؤلف ہذہ الخطبۃ المذکرۃ یا من بیدہ امر الدنیا والاخرۃ واغفر لاٰبائہ وامہاتہ واہلہ وعیالہ ولجمیع قبائلہ والمؤمنین والمؤمنات انک مجیب الدعوات

## عید الضحیٰ کا — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — پہلا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْقُدُّوْسِ الْمُقَدَّسِ الْمُطَهَّرِ مِنْ كُلِّ عَيْبٍ وَّنَقْصٍ
مِمَّا لَا يَلِيْقُ بِشَانِهِ الْاَعْلَى الْاَجَلِّ الْاَكْبَرِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ فَسُبْحَانَهٗ
مِنْ اِلٰهٍ اِفْتَرَضَ حَجَّ بَيْتِهِ الْحَرَامِ عَلٰى مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ
سَبِيْلًا فَشَدُّوْا اِلَيْهِ رِحَالًا دَعَاهُمْ لِقُرْبِهٖ فَمَا اسْتَبْعَدُوْا
فِيْ حُبِّهٖ بَعِيْدًا وَّلَا اسْتَهْوَلُوْا اَهْوَالًا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ شَهَادَةً تُنْجِيْ قَائِلَهَا يَوْمَ الْمَحْشَرِ وَاَشْهَدُ
اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَاحِبُ الْحَوْضِ
الْكَوْثَرِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مَا دَامَ اللّٰهُ الْاَكْبَرُ
اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا الْاِخْوَانُ اِعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ شَرَّفَ الْبَيْتَ الْعَتِيْقَ
بِرُكْنٍ مَنْ رَكَنَ اِلَيْهِ نَجَا مِنَ الشِّدَّةِ وَالضِّيْقِ وَبِبَابٍ مَنْ
دَخَلَ اِلَيْهِ كَانَ اٰمِنًا وَّكُتِبَ لَهٗ تَوْقِيْعُ التَّوْفِيْقِ وَبِمِيْزَابٍ
تَنْصَبُّ مِنْهُ الرَّحْمَةُ عَلٰى مَنْ سَالَ الْعَرَالِي الْخَيْرِ قَوْمٍ طَرِيْقٍ وَّحَجَرٍ
يَشْهَدُ لِمَنْ قَبَّلَهٗ بِالْوَفَاءِ وَالتَّصْدِيْقِ وَحَرَمٍ تَاْتِيْ اِلَيْهِ الْوُفُوْدُ
مُشَاةً وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ وَفَضَّلَ بَيْتَهٗ
عَلٰى سَائِرِ الْاَمَاكِنِ وَالْاَقْطَارِ وَجَعَلَ تُرَابَهٗ جِلَاءً لِّلْاَبْصَارِ

وَوَعَدَ لِمَنْ طَافَهُ بِالْأَجْرِ الْأَجْزَلِ وَالثَّوَابِ الْأَوْفَرِ فَلِلّٰهِ
دَرُّ أَقْوَامٍ دَعَاهُمْ مَوْلَاهُمْ إِلَى جَنَابِهِ فَسَارُوا إِلَى بَابِهِ
شُعْثًا وَغُبْرًا وَعَرَّفَهُمْ بِعَرَفَاتٍ أَنَّهُ قَدْ تَجَاوَزَ عَنِ الذُّنُوبِ
وَالزَّلَّاتِ فَسَبِّحُوا لِلّٰهِ حَمْدًا وَشُكْرًا وَفِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ
الْمُبَارَكَةِ أَمَرَ الْمَوْلَى الْجَلِيلُ لِسَيِّدِنَا إِبْرَاهِيمَ الْخَلِيلِ بِذَبْحِ
ابْنِهِ إِسْمٰعِيلَ كَمَا وَرَدَ فِي مُحْكَمِ التَّنْزِيلِ يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَىٰ
فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرَىٰ قَالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ
مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللّٰهُ مِنَ الصَّابِرِينَ فَيَا بُشْرَىٰ
لِأَقْوَامٍ فَازُوا بِمُشَاهَدَةِ عَرُوسِ الْكَعْبَةِ وَلِقَائِهَا وَ
طَوَافِهَا وَمَزَارِهَا وَأَدْرَكُوا السُّعُودَ بِالصُّعُودِ إِلَى عَرَفَاتٍ
وَنَالُوا الْمُنَىٰ فِي مِنًى بِرَمْيِ جِمَارِهَا وَحَصَلَ لَهُمُ الْمُرُوَّةُ
وَالصَّفَا بِسَعْيِ الْمَرْوَةِ وَالصَّفَا فَيَا أَيُّهَا الْإِخْوَانُ تَيَقَّظُوا
مِنْ رَقْدَةِ الْغَفَلَاتِ وَاسْتَعِدُّوا لِشَدِّ الرِّحَالِ إِلَىٰ
بَيْتِ اللّٰهِ الشَّرِيفِ لِنَيْلِ الْمَآرِبِ وَفَوْزًا لِلسَّعَادَةِ وَالْبَرَكَاتِ
وَتَقَرَّبُوا قُرْبَانًا وَاقْصِدُوا إِحْيَاءَ رَسْمِنَا فَإِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ
وَتَعَالَىٰ قَالَ وَمَنْ يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوبِ
وَمَنْ يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ وَقَالَ النَّبِيُّ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِّنُوْا ضَحَايَاكُمْ فَإِنَّهَا عَلَى الصِّرَاطِ مَطَايَاكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ رحمكم اللّٰهُ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

## اشعار اردو مسائل قربانی

آج ہے عید الضحیٰ اے مومنان با صفا　　عید قربانی کا دن آیا ہے از فضل خدا

حق نے ابراہیم سے ایسا کیا تھا امتحاں　　کر دے اسمٰعیل کو قربان در راہ خدا

ذبح کرنے اپنے بیٹے کو ہوئے تیار باپ　　دنبہ جنت سے فدیہ کر دیا ہے کبریا

فضل ہے اللہ کا فدیہ مقرر جو کیا　　ورنہ کرنا ذبح بیٹوں کا تو ضرور تھا بڑا

شوق سے تم نام پر اللہ کے قربان ہو　　کر کے قربانی بھی حاصل کیجئے قرب خدا

موٹے اور تازے کرو قربان ایسے جانور　　پلصراط اوپر سواری ہے تمہاری وہ بجا

نقص و عیب ایسا نہ ہو جس سے ہو قیمت اسکی کم　　جانور گر ہو خصی موٹا و تازہ ہے روا

پر نہ ہو ٹوٹے سینگ ٹوٹا کان بھی کاٹا ہوا　　جانور بے سینگ پیدائش کا بیشک ہے روا

ایک بکرا یا ہو چھیلا دیوے فدیہ ایک شخص　　گائی یا ایک اونٹ ہو گا سات شخصوں نے ادا

عید کے دن ہووے قربانی ادا بعد نماز　　عید کے بھی بعد دو دن تک ہے قربانی روا

گوشت قربانی کا کر کے تین حصے دوستو　　ایک حصہ آپ لو دو اقربا کو دوسرا

تیسرا حصہ فقیروں اور محتاجوں کو دو　　فضل سے مقبول فرمائیگا قربانی خدا

ہو نصاب مال کا مالک ہے اس پر یہ ضرور　　جسپہ واجب ہی نہیں گر وہ بھی دیوے ہی بھلا

جان و مال اپنا کرو قربان حق کی راہ میں
قہر سے ڈرتے رہو رحمت کی بھی رکھو رجا

دامنِ رحمت میں یارب خواجہ مسکین کو
لے لے اور بخشد ے ہم سب کے حسب خطا

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَلِمُؤَلِّفِ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ الْمَذْكُوْرَةِ وَلِقَبَائِلِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُّجِيْبُ الدَّعْوَاتِ

خطبہ منظومہ ہر وقت | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | پڑھا جا سکتا ہے

حَمِدْنَا اللّٰهَ رَبَّنَا ذَا الْجَلَالِ
شَكَرْنَا فَضْلَ رَبٍّ ذِي النَّوَالِ

تَعَالٰى شَانُهٗ عَنْ كُلِّ عَيْبٍ
تَخَلّٰى ذَاتُهٗ عَنْ اِخْتِلَالِ

مُلُوْكُ الْاَرْضِ مَمْلُوْكُوْنَ لِلّٰهِ
وَرَبِّيْ مَالِكٌ مَوْلَى الْمَوَالِيْ

بَدِيْعُ الْاَرْضِ قَيُّوْمُ السَّمَاءِ
بِلَا جِسْمٍ وَّلَا مَكَانٍ وَالْمَوَالِيْ

بِفَضْلٍ يَسْتُرُ عَيْبَ الْعِبَادِ
بِاَذْيَالِ الْمَرَاحِمِ وَالنَّوَالِ

وَنَشْهَدُ اَنَّهُ الْمَعْبُوْدُ حَقًّا
اِلٰهُ الْخَلْقِ رَبٌّ ذُو الْمَعَالِيْ

اِلَى الْحَقِّ دَعَا لِلنَّاسِ طُرًّا
رَسُوْلٌ هَاشِمِيٌّ ذُو الْجَمَالِ

سِرَاجُ الْاَنْبِيَاءِ بِلَا اخْتِلَافٍ
اِمَامُ الْاَوْلِيَاءِ بِلَا اخْتِلَالِ

عَلَيْهِ رَحْمَةُ الرَّحْمٰنِ اَبَدًا
وَاَصْحَابٍ وَّاٰلٍ خَيْرِ اٰلِ

اَلَا يَا اَيُّهَا الْخِلَّانُ خَلُّوْا
سَبِيْلَ الْغَيِّ جِدُّوْا فِي الْكَمَالِ

ذَرُوْا اٰثَامَكُمْ ظَهْرًا وَّبَطْنًا
دَعُوْا لِلنَّفْسِ مِنْ ذُلِّ الْوَبَالِ

مِنَ الْعِصْيَانِ بِالْإِخْلَاصِ تُوبُوا — إِلَى اللّٰهِ الْغَفُورِ ذِي النَّوَالِ

أَلَمْ يَأْنِ لَكُمْ أَنْ تَخْشَعُوا لِلّٰهِ — أَلَمْ يَأْتِ بِكُمْ وَقْتُ ابْتِهَالِ

طَلَبْتُمْ مَا نَهَاكُمْ عَنْهُ رَبِّي — تَرَكْتُمْ أَمْرَ رَبٍّ ذِي الْجَلَالِ

أَمَا تَخْشَوْنَ مِنْ لَيْثِ الْمَنُونِ — سَيَصْطَادُكُمْ فِي الْاِغْتِفَالِ

أَعِدُّوا مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّتِكُمْ — لَهُ فَتُحَذِّرُوا ضِيقَ الْمَجَالِ

أَلَا يَا سَاكِنَ الْعَرْشِ الْمُعَلّٰى — سَتُبْلٰى فِي التُّرَابِ وَالرِّمَالِ

فَلَا تَمْشِ عَلَى الْأَرْضِ مَرَحًا — فَمِنْكَ الْأَعْلٰى تَحْتَ الْأَرْضِ بَالِ

وَلَا تَظْلِمْ عَلٰى أَحَدٍ بِشَيْءٍ — تَذُوقُ الْوَيْلَ مِنْ كَسْبِ الْوَبَالِ

مِنَ الذَّنْبِ إِلَى اللّٰهِ فَتُوبُوا — لِتَنْجُوا مِنْ عَذَابٍ أَوْ نَكَالِ

تَرَحَّمْنَا بِفَضْلِكَ يَا إِلٰهِي — أَبَا الْخَيْرِ تَفَضَّلْ بِالْكَمَالِ

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَاغْفِرْ لِمُؤَلِّفِ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ وَلِقَارِئِهٖ وَلِجَمِيعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ إِنَّكَ مُجِيبُ الدَّعَوَاتِ

خطبہ منظومہ ہر وقت | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | پڑھا جا سکتا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَعْطَى الْعَطَايَا لِلْأُمَمِ — غَفَرَ الْخَطَايَا بِالْعَطَا لِلتَّائِبِيْنَ بِالنَّدَمِ

مِنْ غَيْرِ شَرِيْكٍ لَّهُ قَضٰى خَلْقَ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى — أَخْرَجَنَا بِشَمْعِ الْهُدٰى جَلٰى مَصَابِيحَ الظُّلَمِ

ضَرَبَ بِسَوْطِ بِعَادِهٖ مَنْ شَذَّ بِعِنَادِهٖ — ضَلَّ سَبِيْلَ رَشَادِهٖ ذَاقَ النَّكَالَ وَالْأَلَمْ

خَالِصٌ قَلْبٌ يَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ يُعْبَدُ — مِنْ ذِكْرِ رَبٍّ يَسْجُدُ لَهٗ كُلُّ شَجَرٍ وَّنَجْمٍ

بعث الإله لسيد الخلق أرشدهم ... خير الأنام محمد بالفضل والجود الأتم

من كفه سبح الحصى فوق السما ليلا هوى ... خير الرسل خير الورى مولى العرب والعجم

بلغ الكمال بكماله فاق الجمال جماله ... ذات الجلال جلاله جل السجايا والكرم

بكماله تحير البشر بجماله خسف القمر ... بجلاله يعلو الحجر ولا له اردى الأمم

فعلى النبي المصطفى وعلى الآل أصحاب الصفا ... والصحب يا أهل الوفا صلى الإله بالكرم

يا أيها الناس اعبدوا لله فاركعوا واسجدوا ... لا تشركوا به وحدوا ربكم تعبدوا ذا النعم

وتيقنوا أهل الصفا الدنيا ليس لها بقاء ... دار المصائب والبلاء دار الفناء والعدم

قد أهلكت من قبلكم وستهلك من بعدكم ... فتفكروا آجالكم واستغفروا المولى الحكم

أين الملوك الماضية ملكوا البلاد أمما ... تركوا المنازل خالية صبيانهم أيتامهم

جمعوا الجيوش كثيرة بالصافنات الجياد ... بنوا البروج مشيدة لا ثبت بقاؤهم

هجروا القصور العالية عمروا القبور بأبدانهم ... عمروا القبور الداهية لا نوا المضاد لهم

توبوا إلى الله العلي من شر سر أو جلي ... فالهم علم يجلي الإله كل هم

هو يقبل للتائب هو يقبل للآيب ... ليس له من حاجب يرحم عباده بالكرم

هو يغفر لنا ذنوبنا هو يستر عيوبنا ... هو يكشف الكروب يا مولى العطايا والنعم

جئنا ببابك ربنا ليس سواك ملاذنا ... فاغفر لنا وارحمنا يا أهل الفضل والجود الأتم

واغفر لنا بالخير الذي تعطي الخلائق الجمى ... وارحمه فضلا يا غني الرحمة يا أهل الكرم

ربنا آتنا في الدنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار. اللهم اغفر لمؤلف هذه الخطبة ولقائله ولجميع المؤمنين والمؤمنات إنك مجيب الدعوات.

خطبہ منظومہ سرِ وقت | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | پڑھا جاسکتا ہے

اَلْحَمْدُ لِمَنْ اَرْحَمُ مِنْ كُلِّ رَحِيْم — وَالشُّكْرُ لِمَنْ اَكْرَمُ مِنْ كُلِّ كَرِيْم

مَلِكٌ مَالِكُ الْمُلْكِ وَمَلَكُوْتِ سَمَاءٍ — مِنْ خِيْفَتِهٖ يَرْتَعِشُ كُلُّ عَظِيْم

فِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ وَعَلَى الْعَرْشِ اِلٰهٌ — لَا تَحْتَ وَلَا فَوْقَ لِسُلْطَانِ كَرِيْم

نَشْهَدُ اَنْ لَيْسَ سِوَى اللّٰهِ اِلٰهٌ — مَنْ تَعْبُدُهٗ كُلُّ عَظِيْمٍ وَفَخِيْم

مَنْ يَكْشِفُ سُوْءً لِمَنِ اضْطُرَّ اِلَيْهِ — مِنْ فَضْلِهٖ يَشْفِي الْعَلِيْلَ وَسَقِيْم

مَنْ اَرْسَلَ لِلْخَلْقِ رَسُوْلًا عَرَبِيًّا — مَنْ اَحْمَدَ ذِي الْاَكْرَمِ مِنْ كُلِّ كَرِيْم

مَنْ كَانَ عَلَيْهِ كَرَمُ اللّٰهِ عَظِيْمًا — مَا اَعْظَمَ مَنْ اَعْظَمَهٗ فَضْلُ عَظِيْم

فَعَلَيْهِ وَاَصْحَابِهٖ وَالْاٰلِ جَمِيْعًا — صَلَوَاتُ اللّٰهِ بِرِضَاءٍ وَّنَعِيْم

يَا اَيُّهَا الْاَحْبَابُ ذَرُوْا كُلَّ ذُنُوْب — وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّنَا هُوَ غَفَّارُ اَثِيْم

لَا تَغْفُلُوْا اَيْضًا ذِكْرَ لَذَّاتِ مَنُوْنٍ — يَتَرَصَّدُ بِالْمَرْصَدِ صَيَّادٌ عَظِيْم

كَمْ اَيْتَمَ طِفْلًا هُوَ كَمْ اَثْكَلَ زَوْجًا — كَمْ فَرَّقَ جَمْعًا هُوَ مِنْ اَمْرِ كَرِيْم

كَمْ اَفْزَعَ خِلًّا هُوَ مِنْ مَوْتِ خَلِيْلٍ — كَمْ اَبْكٰى حَمِيْمًا هُوَ مِنْ فَوْتِ حَمِيْم

لَا تَطْمَعُوْا فِي الدُّنْيَا بَقَاءً وَّدَوَامًا — كُوْنُوْا كَغَرِيْبٍ بِهَا لَا مِثْلَ مُقِيْم

لَا وَاعِظَ كَالْمَوْتِ وَلَا نَاصِحَ كَالْمَوْتِ — فَتَذَكَّرُوا الْمَوْتَ هُوَ خَيْرُ حَكِيْم

وَتَزَوَّدُوْا بِالطَّاعَةِ لِلّٰهِ تَعَالٰى — وَتَهَيَّأُوْا لِلسَّفَرِ اِلٰى بَابِ كَرِيْم

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَبِالرُّسُلِ جَمِيْعًا — قَدْ اَوْرَثَهُ اللّٰهُ لِجَنَّاتِ نَعِيْم

| | |
|---|---|
| من اشرك بالله فلن يغفره الله | من شجرة الزقوم طعام الاثيم |
| لا يسمن لا يغني من الجوع ضريع | تتقطع امعائه من شرب حميم |
| فتعوذوا من غضب اله متعال | وتعوذوا بالله من النار جحيم |
| من كل خطايانا الى الله نتوب | فارحم لنا يا ارحم من كل رحيم |
| يا رب ترحم لابي الخير بفضل | واغفر له يا من هو غفار اثيم |

ربنا اتنا في الدنيا حسنة وفي الاخرة حسنة وقنا عذاب النار واغفر لناظم هذه الاشعار

ہر جمعہ وعیدین کا | بسم اللہ الرحمن الرحیم | خطبۂ ثانیہ

الحمد لله نحمده حمد من اعترف بتقصيره بذل وانكسار
ونشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له شهادة من شهد
بها يفوز بنعيم دار القرار ونشهد ان سيدنا ومولانا محمدا عبده
ورسوله الذي اصطفاه واجتباه من صميم مضر بن
نزار صلى الله عليه وعلى اله واصحابه الطاهرين الاخيار
اما بعد فيا ايها الذين امنوا اذكروا نعمة الله عليكم اذ
بعث فيكم رسوله وقد سطع من نجم الكفر غبار ولمع
من نيران الشرك شرار فاخمد لهب البهتان ببعثته
المدرار واوضح ببيناته معالم الايمان والاثار فاطيعوا الله
ورسوله وما اتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه
فانتهوا وعظموا هذا النبي بكمال اخلاص القلوب

تَعْظِيمًا وَكَرَّمُوا بِالْمَحَلِّ الْاِخْتِصَاصِ تَكْرِيمًا إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُ
يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
تَسْلِيمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الشَّفِيْعِ
الْمُخْتَارِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْاَطْهَارِ خُصُوْصًا مِنْهُمْ عَلٰى مَنْ
هُوَ قَاتِلُ الْكُفَّارِ رَفِيْقُ رَسُوْلِ اللّٰهِ فِي الْغَارِ بِالْاِيْمَانِ بِهٖ
وَالتَّصْدِيْقِ سَيِّدِ الْاَحْرَارِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلٰى اَعْدَلِ
الْاَصْحَابِ الزَّاهِدِ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ بِالْحَقِّ وَالصِّدْقِ
وَالصَّوَابِ مَنْ كَانَ رَأْيُهُ مُوَافِقًا لِلْوَحْيِ وَالْكِتَابِ
اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا اَبِيْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ
رَضِيَ عَنْهُ الْغَفَّارُ وَعَلٰى كَامِلِ الْحَيَاءِ وَالْاِيْمَانِ جَامِعِ
الْقُرْاٰنِ لِمِثْلِ التَّرْتِيْبِ فِي اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ عَنِ الْبُطْلَانِ
اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ شَهِيْدِ
يَوْمِ الدَّارِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلَى الْحَيْدَرِ الْكَرَّارِ
فِي صَفِّ الْقِتَالِ قَتَّالِ كُلِّ خَطَّالٍ بَطَّالٍ اَسَدِ اللّٰهِ الْغَالِبِ
عَلٰى كُلِّ غَالِبٍ مُوْصِلِ الطَّالِبِيْنَ اِلَى الْمَطَالِبِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
سَيِّدِنَا عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ بِاَكْرَمِ الْعِزِّ
وَالْوَقَارِ وَعَلٰى وَلَدَيْهِ الْوَرْدَيْنِ الْاَحْمَرَيْنِ وَالرَّيْحَانَتَيْنِ

الاَطْهَرَيْنِ لِنَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ السَّعِيْدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ
سَيِّدِنَا اَبِيْ مُحَمَّدِنِ الْحَسَنِ وَسَيِّدِنَا اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَنَوَّرَ مَرْقَدَهُمَا اِلَى الْاٰنِ وَعَلٰى اُمِّهِمَا
بِنْتِ الرَّسُوْلِ فَلْذَةِ كَبِدِ النَّبِيِّ الْمَقْبُوْلِ سَيِّدَةِ نِسَاءِ
اَهْلِ الْجَنَّةِ سَيِّدَتِنَا فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ الْبَتُوْلِ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهَا وَرَوَّحَ رُوْحَهَا اَلْفَ اَلْفَ وَعَلَى الْعَمَّيْنِ لِسَيِّدِ الْجِنِّ وَ
النَّاسِ الْمُطَهَّرَيْنِ مِنَ الْاَدْنَاسِ اَبِيْ عُمَارَةَ حَمْزَةَ
وَاَبِي الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَعَلٰى بَقِيَّةِ الْعَشَرَةِ
الْمُبَشَّرَةِ بِالْجَنَّةِ وَرِضْوَانِ الْمَلِكِ السَّتَّارِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ
وَالتَّابِعِيْنَ وَاَتْبَاعِهِمْ وَاَهْلِ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَاَزْوَاجِهِ
الْمُطَهَّرَاتِ وَسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اَللّٰهُمَّ اَعِزِّ
الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاَذِلِّ الشِّرْكَ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْكُفَّارَ
بِبَقَاءِ سَلْطَنَةِ عَبْدِكَ وَابْنِ عَبْدِكَ السُّلْطَانِ ابْنِ
السُّلْطَانِ الْخَاقَانِ ابْنِ الْخَاقَانِ سُلْطَانِ الْبَرَّيْنِ خَاقَانِ
الْبَحْرَيْنِ خَادِمِ الْحَرَمَيْنِ الشَّرِيْفَيْنِ الْغَازِيْ الْمُجَاهِدِ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلِ الْكُفَّارِ الْفُجَّارِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ خَلِيْفَةِ
الْمُسْلِمِيْنَ السُّلْطَانِ خَلَّدَ اللّٰهُ مُلْكَهٗ

وَاَبِّدْ دَوْلَتَهٗ وَاَيِّدْ سَلْطَنَتَهٗ وَشَيِّدْ شَوْكَتَهٗ وَصَوْلَتَهٗ
اَللّٰهُمَّ انْصُرْهُ وَانْصُرْ عَسَاكِرَهٗ وَعَمِّرْ مَمَالِكَهٗ وَاٰمِنْ بِلَادَهٗ
وَدَسَاكِرَهٗ وَكُنِ اللّٰهُمَّ حَافِظَهٗ وَنَاصِرَهٗ وَاَحْقِقْ بِسَيْفِهٖ
رِقَابَ الطَّائِفَةِ الطَّاغِيَةِ الْكَفَرَةِ الْفَجَرَةِ الْاَشْرَارِ اَللّٰهُمَّ
شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَشَتِّتْ جَمْعَهُمْ وَقَرِّبْ اٰجَالَهُمْ وَخَرِّبْ
اٰمَالَهُمْ اَللّٰهُمَّ زَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَنَكِّسْ اَعْلَامَهُمْ
وَمَزِّقْ اَصْنَامَهُمْ وَاجْعَلْهُمْ لِمَنْ خَلْفَهُمْ اٰيَةَ الْاِعْتِبَارِ
اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً
وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ
اغْفِرْ لِجَامِعِ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ الْمُدَّكِرَةِ وَلِقَبَائِلِهٖ وَلِقَوْمِهٖ خَيْرَ الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ وَاغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ
وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ
يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ عِبَادَ اللّٰهِ اِعْدِلُوْا اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ
وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَاءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ
وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اُذْكُرُوا اللّٰهَ

ربّکم ادعونی استجب لکم انّہ مجیب الدعوات قاضی الحاجات والاوطار منزل البرکات والانوار

| | | |
|---|---|---|
| بعدِ حمد و ثنای ربّ قدیر | نعت احمد ہے لازم تحریر | نور احمد سے جملہ عالم ہے |
| ہے محمد خدا کے نورِ منیر | کیجیے مصطفےٰ کی تم تعظیم | ہے یہ حکم خدای ربّ قدیر |
| تم نبی پر سے درود پڑھو | کرو اس پر سلام با توقیر | کہ خدا اور ملائکہ اسکے |
| پڑھتے صلوٰۃ ہیں نبی پہ کثیر | ای خدا تو حبیب پر سے کر | ہیچ رحمت کا تیرے سطر مطیر |
| آل و اصحاب مصطفےٰ پہ تمام | رحمت کبریا کی ہو توفیر | خاص کر چار یار احمد پر |
| ہیں وہ خلفاء راشدین شہیر | یک ابوبکرؓ نام عبداللہ | جن کا صدیق بھی لقب ہے شہیر |
| اور عمرؓ ہیں خلیفۂ دوم | جن سے اسلام کی ہوئی تشہیر | اور سوم خلیفہ ذو النورین |
| نام عثمان جن کا با توقیر | شاہ مردان و شیر یزداں ہے | وہ علیؓ ولی ربّ قدیر |
| باقی دس سے کہ جو بہشتی ہیں | انبیاء اور سب پہ ہو فضل کثیر | نورِ چشمان مصطفےٰ حسنینؓ |
| اہلِ جنت کے سرگروہ و امیر | سیدہ فاطمہؓ ہے بنت رسول | ہو وے ان سب پہ فضل حق کا کثیر |
| اہلِ بدر و اُحد پہ رحمت حق | جملہ اصحاب پر ہو فضل کبیر | جملہ ازواج و دختران رسولؐ |
| پہ ہو رحمت خدا کی بالتکثیر | جملہ تابع و تبع تابع پر | فضل کر اپنا ای خدای قدیر |
| بخشدے مومنوں کے جرم خطا | دین اسلام کی ٹرہا تنویر | جو مخالف ہو دین احمد کا |
| ای خدا کر اُسے ذلیل حقیر | بول بالا ہوا اہل ایماں کا | فتح و نصرت ہو مومنوں کی نصیر |
| بخش سب امت محمد کو | بخش خواجہ کو ای خدای قدیر | ربّنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ و |

وَفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَاغْفِرْ لِمُؤَلِّفِ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ عَفَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَظِیْمِ الْقَدِیْمِ الْاِحْسَانِ الْعَطُوْفِ الرَّؤُوْفِ الْكَرِیْمِ الْمَنَّانِ
نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ
سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ سَیِّدُ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ مَا دَامَ مُلْكُ اللّٰهِ الْقَوِیِّ
السُّلْطَانِ اَمَّا بَعْدُ فَیَا اَیُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ كُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ
لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ۔ مَا اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا
اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ جَعَلَهُ اللّٰهُ بِالْمُؤْمِنِیْنَ
رَؤُوْفًا رَّحِیْمًا وَّاٰتَاهُ فَضْلًا عَظِیْمًا وَّخُلُقًا كَرِیْمًا وَّهَدٰى بِهِ الْعِبَادَ
صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا وَّقَالَ فِیْ حَقِّهٖ اٰمِرًا لَكُمْ تَشْرِیْفًا وَّ
تَكْرِیْمًا تَبْجِیْلًا لَّهٗ وَتَعْظِیْمًا اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ
عَلَى النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا
یَا اُمَّةَ الْهَادِیْ خُصِصْتُمْ بِالْوَفَا بَیْنَ الْوَرٰى وَالصِّدْقِ
اَیْضًا وَالصَّفَا صَلُّوْا عَلَى الْهَادِی النَّبِیِّ الْمُصْطَفٰى فَاللّٰهُ
قَدْ صَلّٰى عَلَیْهِ قَدِیْمًا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اَللّٰهُمَّ زِدْ
مُحَمَّدًا تَكْرِیْمًا ۔ وَحَبَاهُ فَضْلًا مِّنْ لَّدُنْهُ عَظِیْمًا وَّاخْتَارَهٗ

فِي الْمُرْسَلِيْنَ كَرِيْمًا ذَا رَأْفَةٍ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
تَسْلِيْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى
اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَعَلٰى اَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ
خُصُوْصًا عَلٰى رَفِيْقِهٖ فِي الْغَارِ بِالْوَفَاءِ وَالتَّصْدِيْقِ اَمِيْرِ
الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتِيْقِ اَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلَى الزَّاهِدِ الْاَوَّاهِ الْاَوَّابِ مُزَيِّنِ الْمِنْبَرِ
وَالْمِحْرَابِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلٰى جَامِعِ الْقُرْاٰنِ التَّرْتِيْبِ فِيْ لَوْحِ الْمَنَّانِ
كَامِلِ الْحَيَاءِ وَالْاِيْمَانِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا
عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلٰى اَسَدِ اللّٰهِ الْاَكْبَرِ
فَاتِحِ حِصْنِ خَيْبَرَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عَلِيِّ ابْنِ الْحَيْدَرِ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلَى الْاِمَامَيْنِ الْهُمَامَيْنِ السَّعِيْدَيْنِ
الشَّهِيْدَيْنِ سَيِّدِنَا اَبِيْ مُحَمَّدِنِ الْحَسَنِ وَسَيِّدِنَا اَبِيْ
عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَعَلٰى اُمِّهِمَا سَيِّدَةِ النِّسَاءِ

فَاطِمَةِ الزَّهْرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَعَلَى الْعَمَّيِ النَّبِيِّ الْمُطَهَّرَيْنِ
مِنَ الْاَدْنَاسِ اَبِي عُمَارَةَ حَمْزَةَ وَاَبِي الْفَضْلِ الْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمَا وَعَلَى بَقِيَّةِ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ وَالصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ
وَالْاَئِمَّةِ الْمُجْتَهِدِيْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ٭
اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا
مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ اَللّٰهُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاَذِلَّ الشِّرْكَ
وَالْمُشْرِكِيْنَ بِدَوَامِ سَلْطَنَةِ عَبْدِكَ السُّلْطَانِ ابْنِ
السُّلْطَانِ سُلْطَانِ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ خَلَّدَ اللّٰهُ
مُلْكَهٗ وَسَلْطَنَتَهٗ ٭ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِ هٰذِهِ الْخُطْبَةِ وَلِقَبَائِلِهٖ
وَلِاَهْلِهٖ وَعِيَالِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

تمام حمد ہے شایان شان رب قدیر — نہیں شریک ہے اسکو نہ ضد و ند و نظیر
گواہی دیتے ہیں ہم ایک ہے وہ حق معبود — محمد اسکے ہیں بندے رسول با توقیر
نزول رحمت حق ہو رسول اکرم پر — تمام آل و صحابہ پہ ہووے فضل کثیر
گواہی سو منو تم طاعت خدا و رسول — رسول پاک پہ ہر دم پڑھو درود کثیر
تیرے نبی پہ ہو یا رب ترا سلام مدام — تمام آل و صحابہ پہ ہووے فضل کثیر
خصوصًا افضل اصحاب پر جو عبد اللہ — ہے نام اُن کا بھی صدیق اور عتیق شہیر

عمر خلیفۂ دوم کا ہے لقب فاروق ۔ کہ جس سے مذہب اسلام کی ہوئی تشہیر

غنی خلیفۂ سوم ہیں حضرت عثمان ۔ علی ولیِ خدا ہیں وہ معدن تدبیر

نبی کے نور نظر و علی کے لخت جگر ۔ حسن حسین دو سردار مومنوں کے کبیر

بتول فاطمہ زہرا ہیں جو کہ بنت رسول ۔ زنانِ خلد کی سردار ہیں وہ بے نظیر

بھی باقی دس سے بشارت ہے جنکو جنت کی ۔ نزول رحمت حق ہو ہمیشہ سب پہ کثیر

نبی کے ہر دو چچا یعنی حمزہ و عباس ۔ ہو فضل و رحمت رضوان انپہ بالتکثیر

سب اہل بدر و احد پہ خدا کی رحمت ہو ۔ ہو سب مہاجر و انصار پر بھی فضل کثیر

تمام امت احمد پہ فضل کر یارب ۔ کہ سب کا مالک و مولا ہے تو خدا قدیر

ہمیشہ اختر اسلام ہو ترقی پر ۔ ذلیل ہو جو ہو بدخواہ مومنوں کا شریر

نصیب ہم کو بھلائی ہو دین و دنیا کی ۔ تری پناہ میں رکھ ہم کو از عذاب سعیر

کرم سے خواجۂ مسکیں کو بخش دے یارب ۔ ہو اسکے جملہ قبائل پہ تیرا فضل کثیر

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ يَذْكُرْكُمْ وَادْعُوهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى أَعْلٰى وَأَحْلٰى وَأَوْلٰى وَأَعَزُّ وَأَجَلُّ وَأَتَمُّ وَأَهَمُّ وَأَعْظَمُ وَأَكْبَرُ

تمت الْخُطْبَاتُ الْمِنْبَرِيَّةُ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ عَلٰى إِتْمَامِهَا ۱۲

# مسائل ذبح

**سوال** ذبح کسکو کہتے ہیں اور اس سے غرض کیا ہے **جواب** حلق کے رگوں کو شرعی طور پر کاٹنے کا نام ذبح ہے اس سے مقصود حلال جانور سے پلید وفاسد خون نکال دینا ہے جسکے بعد ذبیحہ کا گوشت پاک ہوجاتا ہے **سوال** حلق کی کتنی رگوں کا کاٹنا ضروری ہے **جواب** (۱) حلقوم یعنی سانس آنے جانیکی راہ جسکو نرخرہ کہتے ہیں (۲) مری دانہ چارہ کی راہ (۳ و ۴) دو شاہ رگیں جن میں خون جاری ہوتا ہے اور جو حلقوم ومری کے دائیں بائیں طرف رہتی ہیں ان چار رگوں کا پورا یا اکثر وغالب حصہ کٹنا ضروری ہے اگر یہ چاروں رگیں نہ کٹیں تو تین رگوں حلقوم ومری اور ایک شاہ رگ کا کٹ جانا بھی کافی ہے **سوال** ذبح کا طریقہ کیا ہے **جواب** جانور کو پانی پلاکر قبلہ رخ منہ اور سر جنوب کی طرف کرکے بائیں پہلو پر لٹائے اور دہنے ہاتھ میں تیز چھری لے اور بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہکر چھری کو قوت وتیزی کیساتھ حلق پر گانٹھی کے نیچے چلائے اور اس انداز پر کہ چاروں رگیں کٹ جائیں کاٹنا ختم کرکے جانور کو چھوڑ دے **سوال** ذبح کے شرائط کیا کیا ہیں۔ **جواب** (۱) ذابح کا مسلمان ہونا۔ بت پرست ومرتد کا ذبیحہ درست نہیں (۲) ذابح کا عاقل باہوش ہونا۔ ناسمجھ ومجنون کا ذبیحہ درست نہیں (۳) ذابح کا ذبح کیوقت اللّٰہ کے ناموں میں سے کسی نام کا لینا اگر عمداً خدا کا نام نہ لے یا کسی غیر خدا کا نام لے یا ذابح کے سوا کوئی دوسرا

شخص خدا کا نام لے مگر ذابح خاموش رہے تو ذبیحہ درست نہیں (۴) ذبیحہ پر اللہ کے نام کیساتھ کسی اور کا نام نہ لینا اگر اللہ۔ اگر اللہ کے نام کیساتھ کسی اور کا نام لے تو ذبیحہ درست نہیں (۵) ذابح کا ذبح پر قادر ہونا اگر قادر نہ ہو اور اپنے ساتھ کسی معین و مددگار کو فعل ذبح میں شریک کر لے تو اس کا بھی۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ کہنا اگر ذابح ذبح کی قدرت نہ رکھے یا معین و مددگار تسمیہ کہے تو ذبیحہ درست نہیں (۶) ذبح کیوقت جانور میں کچھ نہ کچھ یقینی حیات رہنا یعنی ذبح کے بعد خون کا جاری ہونا یا کسی عضو کا متحرک ہونا اگر کچھ بھی حیات نہ رہی تو ذبیحہ درست نہیں **سوال** معین و مددگار کسکو کہتے ہیں **جواب** جو شخص اپنے ہاتھ کو ذابح کے ہاتھ پر یا اپنے ہاتھ کو ذابح کے ہاتھ کے ساتھ چھری پر رکھکر ذبح کرنے میں شریک رہے وہ معین و مددگار ہے ایسا شخص مسلمان ہونا چاہئے اور اسکو بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ بھی کہنا ضروری ہے البتہ جو شخص ذبح کیوقت جانور کو دبا کے پکڑا رہے تاکہ جانور ہاتھ پاؤں نہ مارے اُس کا بِسْمِ اللّٰهِ کہنا ضروری **سوال** کیا ذابح کا مرد ہی ہونا ضروری ہے **جواب** کچھ نہیں بلکہ مرد ہو یا عورت ہیجڑا ہو یا خنثیٰ بالغ ہو یا نابالغ ختنہ شدہ ہو یا بے ختنہ پاک ہو یا ناپاک کوڑی ہو جذامی گونگا ہو یا بہرہ ان سب کے ہاتھ کا ذبیحہ درست ہے بشرطیکہ ان کو مسائل ذبح معلوم ہوں اور اس بات کو جانتے ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا نام لیکر کاٹنے سے جانور حلال ہوتا اور عمداً نام نہ لینے سے حرام ہوجاتا ہے اگر کسی کو یہ بات معلوم نہ ہو گو وہ عاقل و بالغ ہو اُسکے ہاتھ کا ذبیحہ درست نہیں **سوال** ذبح کے آداب

دستونات کیا کیا ہیں **جواب** (۱) چھری کو ذبح سے پہلے اچھی طرح تیز کرلینا (۲) بڑے جانور کے ہاتھ پاؤں کو باندھنا (۳) بڑے جانور کو نرمی سے بائیں پہلو پر لٹانا (۴) ذبح کیوقت جانور کا منہ قبلہ کی طرف کرنا (۵) ذابح کا باطہارت ہونا (۶) ذابح کا منہ قبلہ کی طرف ہونا (۷) داہنے ہاتھ سے ذبح کرنا (۸) ذبح کرنے یعنی حلق پر چھری چلانے میں جلدی کرنا (۹) بِسْمِ اللہ میں لفظ اللہ کے ہ کے زیر کو ظاہر کرنا یعنی بِسْمِ اللہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ (۱۰) ذبح سے پہلے جانور کو پانی پلانا (۱۱) دن کے وقت ذبح کرنا۔

**سوال** مکروہات ذبح کیا کیا ہیں **جواب** (۱) چھری کا اس قدر کند رہنا کہ ذابح کو زور لگانا پڑے (۲) جانور کا پاؤں پکڑ کر مقام ذبح تک کھینچ لانا (۳) ایک جانور کو دوسرے کے سامنے ذبح کرنا (۴) ذبیحہ کے سر کو حرام مغز تک کاٹنا یا دھڑ سے جدا کر دینا (۵) جانور کو لٹا کر اسکی آنکھوں کے سامنے چھری کا تیز کرنا (۶) جانور کا منہ قبلہ کی طرف نہونا (۷) ذبیحہ کے ٹھنڈا ہونیسے پہلے اس کا چمڑا چھیلنا یا گوشت کاٹنا (۸) حاملہ قریب الوضع (قریب میں جننے والی) کا ذبح کرنا (۹) گردن کے نیچے سے ذبح کرنا (۱۰) رات کیوقت ذبح کرنا۔ **سوال** اگر بِسْمِ اللہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنے کے بعد ساتھ ہی ذبح نہ کیا جائے بلکہ کچھ دیر گفتگو میں یا کسی اور کام میں مصروف رہکر اسی تسمیہ سے ذبح کرے تو کیا حکم ہے۔ **جواب** اگر تسمیہ کے بعد بالکل قلیل وقفہ کرکے ذبح کرے تو مضائقہ نہیں ورنہ تسمیہ باطل ہو جائیگا مثلاً چھری کو ایک بار پتھر پر گھس کر یا موجودہ چھری

نیچے رکھکے دوسری نزدیک رکھی ہوئی چھری اٹھالیکر ذبح کر دے تو حرج نہیں لیکن تسمیہ کے بعد جانور کروٹ لے اور ذابح اسکو پہلی حالت پر لاکر ذبح کرے تو اس صورت میں پہلا تسمیہ باطل اور دوبارہ بسم اللہ اللہ اکبر کہنا ضروری ہوگا **سوال** ۱۱ اگر ذابح ذبح کیوقت تسمیہ کہنا بھول جائے تو کیا درست ہوگا **جواب** ۱۱ اگر فی الحقیقت تسمیہ کہنا بھول جائے تو کچھ مضائقہ نہیں ذبیحہ برابر درست ہے **سوال** ۱۲ - گر ذابح ذبح کرتے کرتے ہاتھ اٹھائے یا فعل ذبح میں تاخیر کرے تو کیا حکم ہے **جواب** ۱۲ ایسا کرنا درست نہیں ہے البتہ جانور کے تڑپنے سے بے اختیار ہاتھ اٹھ جائے تو پھر فوراً ذبح میں لگجائے اور فعل ذبح کو پورا کرے **سوال** ۱۳ اگر ذبح کے بعد جانور پکارے یا دوڑے یا کھڑا ہوجائے یا بانگ دے تو کیا حکم ہے **جواب** ۱۳ ان سب حالتوں میں ذبیحہ درست حلال ہے بشرطیکہ ذبح کامل ہوا ہو **سوال** ۱۴ اگر ایسے جانور کو ذبح کیا جائے جسکی حیات کا پورا پورا یقین نہو بلکہ اس کے جیتے رہنے یا مر نے میں شک ہو تو کیا حکم ہے **جواب** ۱۴ (۱) ذبح کے بعد دیکھنا چاہے کہ اس سے خون جاری ہوا اور ذبیحہ نے حرکت کی یا نہیں اگر خون جاری اور حرکت صادر ہو تو درست ہے ورنہ نہیں (۲) اگر ذبیحہ نے حرکت نہ کی اور اُس سے خون نہ نکلا بلکہ منہ کھولدیا یا آنکھ کھولدی یا پاؤں پھیلادے تو ذبیحہ درست نہیں اگر منہ بند کرلے یا آنکھ بند کرے یا پاؤں کھینچ لے تو درست ہے کیونکہ منہ اور آنکھ کا کھولنا اور پاؤں کا پھیلانا علامت ہے

موت کی ان کے مقابل منہ اور آنکھ کا بند کرلینا اور پاؤن کا کھینچا یہ حرکات زندون کے ساتھ مخصوص ہین اس لئے اسکی زندگی پر دلالت ہوگی (۳) خون کے جاری ہونے اور حرکت کرنیکا اعتبار اسی جانور کے متعلق ہے جس کی حیات کا یقین نہو اگر کوئی یقینی حیات والا جانور حرکت نہ کرے یا اس سے لہو نہ نکلے تو کوئی مضائقہ نہین۔

(۱۴) **سوال**۔ اگر گائے یا بکری کو ذبح کرنے کے بعد اوسکے پیٹ سے مردہ بچہ نکلے یا زندہ بچہ برآمد ہو مگر ذبح کرنے سے پہلے مرجائے تو اوس کا کھانا درست ہے یا نہین۔ **جواب** ہمارے امام اعظم حضرت امام ابوحنیفہ رح کے پاس مان کا ذبح کرنا بچے کے لئے کافی نہین بلکہ بچہ کو الگ ذبح کرنا ضروری ہے پس مردہ بچہ کا کھانا نادرست ہین خواہ وہ ازخود مردہ پیدا ہو یا زندہ پیدا ہوکر مرجائے (۱۵) **سوال** اگر کسی نے ایک جانور کو بسم اللہ اللہ اکبر کہکر ذبح کیا تو کیا پھر دوسرا جانور اسی نیت سے ذبح کیا جاسکتا ہے۔ **جواب**۔ نہین بلکہ ہر جانور پر جداگانہ تسمیہ کہنا ضروری ہے البتہ اگر دس پانچ چڑیون کو اپنے یا غیر کے ہاتھ مین جمع کرکے یا ایک بکرے کے گلے کو دوسرے بکرے کے گلے سے لگا کر وقت واحد مین سب پر ایک ہی بار چھری یا تلوار پھیرے تو اس صورت مین درست و جائز ہے

(۱۶) **سوال** بعض لوگ گائے بکرے مرغ وغیرہ کی نیت الگ الگ کرکے ذبح کرتے ہین کیا ضروری ہے۔ **جواب**۔ جداگانہ نیت کی کوئی ضرورت نہین صرف بسم اللہ اللہ اکبر کہنا ضروری ہے اگر کوئی ایسی نیت کرے تو اس سے قباحت بھی لازم نہین آتی مگر اس کا لحاظ رہے کہ بسم اللہ اللہ اکبر پر چھری روان ہو

(۱۷) سوال اونٹ کے ذبح کرنے کا طریقہ کیا ہے جواب اونٹ کو سب سے پہلے نحر کرتے ہیں یعنی اُسکے سینے کے پاس حلقوم میں برچھ مار کر گرا دیتے ہیں اسکے بعد ذبح کرتے ہیں اگرچہ بلا نحر بھی اُس کا ذبح کرنا جائز ہے لیکن مکروہ ہے

(۱۸) سوال ـ ذبیحہ سے کتنی چیزوں کا کھانا مکروہ ہے اور کتنوں کا حرام جواب (۱) پتہ (۲) غدود (۳) پھکنا (۴) ذکر (۵) خصیے (۶) شرمگاہ (۷) اوجھڑی (یہ چیزیں مکروہ ہیں اور (۱) خون جاری (۲) حرام مغز یعنی مختلف حرام ہیں

## مسائل قربانی

(۱) سوال ـ قربانی کس کو کہتے ہیں اور وہ کیا ہے جواب ـ اصطلاح شرع میں مخصوص جانور (یعنی گائے بیل بھیڑ بکری اونٹ) کے ایام مخصوص ذوالحجہ کی دسویں گیارہویں بارہویں تاریخ) میں عبادت کی نیت سے ذبح کرنیکو کہتے ہیں اور وہ واجب ہے ـ (۲) سوال قربانی کس پر واجب ہے اور اس کے شرائط کیا ہیں جواب ہر مسلمان پر قربانی واجب ہے اسکے واجب ہونیکے لئے یہ چیزیں شرط ہیں (۱) مسلمان ہونا (۲) آزاد ہونا (۳) مقیم ہونا (۴) کسی ایسے مال کے نصاب کا مالک ہونا جو اصل چیزوں سے فارغ ہو اور قرض سے بالکل یا بقدر ایک نصاب کے محفوظ ہو ـ فقیر و مسافر پر قربانی واجب نہیں قربانی اپنی ذات اور اپنے فرزند صغیر کی طرف سے ادا کرے ـ (۳) سوال قربانی کن جانوروں کی ہوگی جواب بکری مینڈھا بھیڑ ایک آدمی کی طرف سے ایک ایک اور گائے بھینس کھلگا اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے ایک یعنی سات آدمی ملکر ایک گائے یا بیل ـ یا ہ کو خرید کر کے اپنی جانب سے قربانی دیسکتے ہیں اس صورت میں

اپنا اپنا گوشت تخمینہ سے نہیں بلکہ وزن کرکے تقسیم کرلیں۔ ان جانوروں کے
سوا اور جانوروں سے قربانی صحیح نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ قربانی کے لئے گران
قیمت اور فربہ جانور خریدا جاوے (۴) **سوال** قربانی کا جانور کس عمر کا ہونا
چاہئے **جواب** بکری مینڈھا یا مینڈھی ایک برس کی ہو گائے بیل بھینسا
دو برس کے اور اونٹ پانچ برس کا (۵) **سوال** وہ کون سے جانور ہیں
جو قربانی کے قابل نہیں **جواب** اندھے۔ کانے لنگڑے کافی عیب دار
جانور قابل قربانی نہیں نیز ایسا لاغر کہ جس کی ہڈی میں مغز نہ ہو لنگڑے لولے
سے یہ مراد ہے کہ وہ جانور قربان گاہ تک چل نہ سکتا ہو اور دم کٹا اور بے دانت
اور جس کے کان دم یا آنکھ کی اکثر حصہ کٹ گیا ہو قربانی کے لائق نہیں اگر
کسی گائے کو ماں کے پیٹ سے سینگ نہ ہوں یا ہوں مگر ٹوٹی ہوئی ہوں تو ان کی
قربانی جائز ہے (۶) **سوال** قربانی کس تاریخ سے کس تاریخ تک کیجانی ضرور
ہے **جواب** دسویں ذیحجہ کے دن نماز و خطبۂ عید کے بعد مگر قبل زوال سے
بارہویں تاریخ کی شام تک قربانی کیجا سکتی ہے لیکن جس گاؤں میں نماز نہ ہوتی
ہو وہاں کے لوگ ان تین دنوں میں جب چاہیں کرسکتے ہیں لیکن پہلا دن افضل
ہے اگر کسی عذر سے پہلے دن نماز ادا نہ کی گئی ہو دوسرے دن قبل ادائی نماز
بھی قربانی جائز ہے ان تاریخوں میں راتوں کو قربانی ہو سکتی ہے مگر مکروہ ہے
ان تاریخوں میں قربانی نہ کی جاسکے تو بعد میں زندہ جانور یا اوس کی قیمت فقیروں کو
دیجاوے (۷) **سوال** قربانی جانور کون ذبح کرنا چاہئے **جواب** جو شخص
آپ اچھی طرح مسائل ذبح سے واقف ہو وہ خود کرے ورنہ دوسرے کو اجازت

دے مگر وقت ذبح خود سامنے موجود رہے (۸) سوال قربانی کا گوشت کیا کیا جائے
جواب تین حصہ کرکے ایک حصہ فقراء و مساکین کو دیا جائے ایک حصہ رشتہ دار
اور ہمسایوں میں تقسیم کرے اور ایک حصہ آپ مع اہل و عیال کہائے احباب وغیرہ کو
خواہ کچا گوشت تقسیم کرے یا پکا کر کھلائے اپنا حصہ خواہ اسی وقت کہائے یا خشک
کرکے اٹھا رکھے اگر قربانی نظر مانے واکے بعد کیگئی ہو تو اُس کا خود کہانا اور اہل
و احباب کو تقسیم کرنا درست نہیں کیونکہ نذر میں صدقہ کرنا لازم ہے (۹) سوال
قربانی جانور کی کہال کیا کی جائے جواب اللہ کے نام پر دیدے یا کسیکو خیرات
کردے یا فروخت کرکے اسکی قیمت صدقہ دیدے یا گھر کیلئے کوئی چیز مثل ڈول وغیرہ
بنا کر استعمال کرے مگر قصاب کی مزدوری میں نہ دے۔ (۱۰) سوال قربانی کے
ذبح کا طریقہ اور اوسکے مکروہات کیا ہیں جواب قربانی کے ذبح کا یہی طریقہ ہے
جو عام جانوروں کے ذبح کا ہے مسائل ذبح کو دیکھ لیا جائے البتہ خود قربانی
کرنیوالا جانور کے پہلو پر سیدھا پاؤں رکھکر بسم اللہ اللہ اکبر کہکر ذبح کرے اور بعد
ذبح یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ عَنْ هٰذِهِ الْاُضْحِيَّةَ تَقَبَّلْ مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ
خَلِيْلِكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمِنْ مُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا
كَثِيْرًا كَثِيْرًا ٭ قربانی کے مکروہات بھی وہی ہیں جو مسائل ذبح میں بیان ہوئے
ہاں قربانی کے جانور سے قبل ذبح نفع حاصل کرنا مثلاً اُس کا دودہ دوہنا
یا اوسپر سوار ہونا یا کوئی چیز لادنا یا اسکو کرایہ پر دینا مکروہ ہے۔

## مسائل عقیقہ

(۱) سوال عقیقہ کسکو کہتے ہیں اور اوس کا کیا حکم ہے جواب لڑکا لڑکی

پیدا ہوئے تکے بعد ساتوین روز اُن کے سر کے بال اتار کر جو بکرا ذبح کیا جاتا ہو
اس کا نام عقیقہ ہے اور وہ مستحب ہے حدیث شریف مین آیا ہے کہ ہر لڑکا اپنے
عقیقہ کے عوض رہن ہے یعنی اگر کوئی شخص باوجود قدرت کے اپنے لڑکے کا عقیقہ
نہ کرے تو قیامت کے دن اُسکی شفاعت سے محروم ہوگا (۲) **سوال** عقیقہ کب
اور کس عمر مین کیا جاوے **جواب** پیدایش سے ساتوین روز اگر ساتوین
روز نہ ہو سکے تو جب ممکن ہو کرے لیکن ساتوین دن کا لحاظ رکھے یعنی جمعہ
کی پیدائش ہو تو عقیقہ بروز پنجشنبہ کرے اُسکے لئے عمر کی کوئی قید نہین ہے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا عقیقہ بچاس برس کی عمر مین فرمایا تہا۔ (۳) **سوال**
عقیقہ کا طریقہ اور اُسکے احکام بیان کرو **جواب** پیدایش کے ساتوین دن
بچہ کے سر کے بال اتار کر سر پر صندل اور زعفران یا کوئی خوشبو دار چیز ملین
اور اسی دن بچہ کا نام رکہین بالون کو سونے یا چاندی سے تول لیکر دفن کردین
اور سونا چاندی صدقہ کرین حجام کو اجرت مین نہ دین بلکہ اُسکو علیحدہ انعام
دیا جائے بال اُتارنے کیوقت یہ ضروری نہین کہ ٹہیک بال اُتارنے کیوقت
بکرا ذبح ہو بلکہ بال اُتر چکنے کے بعد یا اس سے پہلے دونون وقت درست ہے
مطلب یہ کہ دونون کام اسی روز ہون لڑکی کیلئے ایک بکرا اور لڑکے کیلئے
دو بکرے یا بحالت مجبوری ایک بھی کافی ہے بکرا ایک برس کی عمر سے کم
اور عیب دار نہو اگر دنبہ ہو تو چھ ماہ سے کم نہ ہو بکرے کے متعلق جو شرائط و اوصاف
قربانی کے بیان مین مذکور ہوئے ہین وہی یہان بھی ضروری ہین عقیقہ کا بکرا خود
لڑکے کا باپ یا اور کوئی رشتہ دار قریب ذبح کرے تو بہتر ہے ورنہ دوسرا شخص

بھی ذبح کر سکتا ہے (۴) سوال۔ قربانی اور عقیقہ کے ذبح مین کیا فرق ہے
جواب کچھ فرق نہین البتہ عقیقہ کے ذبح کے قریب یہ دعا پڑھی جاتی ہے
اللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیْقَۃُ ابْنِیْ فُلَانٍ دَمُھَا بِدَمِہٖ وَلَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ وَعَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ وَجِلْدُھَا
بِجِلْدِہٖ وَشَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ وَاجْعَلْھَا فِدَاءً لِابْنِیْ مِنَ النَّارِ ۔ فقط
فلان کی جگہ پر لڑکے کا نام لے اگر غیر شخص ذبح کرے تو ابنی فلان کے جگہ پر لڑکے
اور لڑکے کے باپ کا نام لے اور تقبلہا منی کی جگہ تقبلہا منہ اور فداء لابنی
کی جگہ فداء لابنہ کہے اور لڑکی کے عقیقہ مین ابنی کی جگہ بنتی اور مذکر ضمیرون کی جگہ
مونث ضمیرین کہنا چاہیئے مثلاً دمہا بدمہ ولحمہا بلحمہ کی جگہ دمہا بدمہا ولحمہا بلحمہا کہے
دعا کے بعد یہ بھی پڑھے۔ اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ مِنْکَ وَلَکَ بِسْمِ اللّٰہِ
اَللّٰہُ اَکْبَرُ (۵) سوال عقیقہ کے گوشت وغیرہ کی تقسیم کسطرح کی جائے
اور عقیقہ کا گوشت والدین بھی کہا سکتے ہین جواب بکرے کا سر بال مونڈنے
والے حجام کو دیا جائے اور ایک ران دائی کو اگرچہ یہ ہندو ہون باقی گوشت
کے تین حصہ کئے جائین ایک حصہ فقیرون اور محتاجون کو دیا جائے باقی
دو حصہ عزیزون اور ہمسایون کو خواہ کچا یا پکا کر روانہ کرین عقیقہ کا گوشت
اس رعایت سے کاٹا جائے کہ کوئی ہڈی ٹوٹنے نہ پائے اگر ٹوٹ بھی جائے تو
کچھہ مضائقہ نہین۔ چمڑا کسی کو خیرات دیدین یا گھر کے استعمال مین لائین قربانی کا
گوشت جسطرح صاحب قربانی کو کہانا درست ہے اسی طرح عقیقہ کا گوشت بچہ کے

مان باپ اور دادا دادی اور نانا نانی کھالین تو کچھہ مضایقہ نہین نہ کھانیکی شریعت مین کوئی اصل نہین ہے

## احکام میت

(۱) **سوال**۔ جب کوئی مسلمان مرض الموت مین ہو تو آخری وقت مین کیا کرنا چاہیئے اسکی تفصیل بیان کرو **جواب** سب سے پہلے کلمہ شہادت کی تلقین کرین اور سورہ یٰسین پڑہین تاکہ بحالت سکرات مریض اس کو سنے بعد قبض روح منہ اور آنکھین بند اور ہاتہ پاون سیدہے کردئے جائین اور منہ کسی پاک کپڑے کی پٹی سے باندھ دیا جائے اسطرح کہ وہ پٹی ٹھڈی کے نیچے رکھی جائے اور سر پر لیجا کر اسکے ہر دو کنارے باندھ دئے جائین اور جوڑ نرم کردے جائین ان سب مراتب کے بعد اسکے غسل اور تکفین وغیرہ سے جس قدر جلد ممکن ہو فراغت کر کے دفن کر دیا جائے

(۲) **سوال**۔ میت کے غسل کا طریقہ بیان کرو **جواب** میت کے غسل کا مسنون و مستحب طریقہ یہ ہے کہ میت کو کسی ایسے تخت وغیرہ پر جو تین یا پانچ یا سات بار کسی خوشبودار چیز سے دہونی پاچکا ہو برہنہ کر کے لٹایا جائے صرف شرمگاہ کپڑے سے چھپائی جائے شمال کی طرف کیا جائے آہستہ سے پیٹ پر ہاتہ پھیرے اور اس سے جو کچھہ نجاست آگے پیچھے سے نکلے وہ دور اور صاف کیجائے اور بعد اسکے کہ پانی منہ اور ناک مین جائے وضو کرایا جائے لیکن اگر غسل کی ضرورت مین موت ہوئی ہے یا عورت حیض و نفاس کی حالت مین مری ہے تو منہ مین اور ناک مین پانی ڈالنا ضرور ہے پانی ڈال کر کپڑے سے نکال لیا جائے بعدہ سارے بدن پر پانی بیر کے پتے سے گرم کیا ہوا بہایا جائے اس طور پر کہ پہلے

بائین کروٹ لٹاکر اس قدر پانی بہائین کہ جو حصہ جسم کا تخت سے ملا ہوا ہے اوسیر بھی پہنچے پھر دائین کروٹ پر لٹاکر اسی طور پانی ڈالین پھر اُسے ٹیکا دیکر بٹھائین اور پیٹ کو نرم دبائین تاکہ جو کچھ نجاست باقی رہی ہو وہ بھی نکل جائے اُس سے غسل و وضو مین کچھ خلل نہین آتا پھر اُسے دھو ڈالین اُسکے بعد بائین کروٹ لٹاکر دائین کروٹ پر کافور ملا ہوا پانی تین دفعہ تمام بدن پر خوب بہا دیا جائے کہ نیچے کیطرف بائین کروٹ بھی تر ہو جائے پھر بدن کا پانی کپڑے سے پونچھین اور اسکو تخت سے اُٹھاکر کفن پر رکھین اور سجدہ کے اعضا یعنی پیشانی ناک دونون ہاتھون اور دونون زانون پر کافور ملین اگر مرد ہے تو داڑھی گل خیرو سے دھوئی جائے اور غسل تکمیل کے بعد کفن پہنایا جائے (۳۷) سوال- نہلانیوالا کیا شخص ہونا چاہیئے جواب نہلانیوالا ایسا شخص ہونا چاہیئے کہ جسکو میت کا دیکھنا جایز ہو عورت کو مرد اور مرد کو عورت کا غسل دینا جایز نہین ہان منکوحہ عورت اپنے شوہر کو غسل دیسکتی ہے اس لئے کہ وہ عدت کے زمانے تک اُسکے نکاح مین سمجھی جائیگی بخلاف شوہر کے کہ وہ عورت کے مرتے ہی اُس عورت کے نکاح سے علٰحدہ سمجھا جائے گا اور اُس کو اُس عورت کا غسل دینا جایز نہ ہوگا اگر کوئی عورت ایسی جگہ مرجائے جہان کوئی عورت موجود نہو جو اسکو غسل دے سکے تو اگر کوئی مرد اُسکا محرم موجود ہو تو وہ اسکو تیمم کرادے اور اگر کوئی محرم نہ ہو تو غیر محرم اپنے ہاتھون مین کپڑا لپیٹ کو اسکو تیمم کرادے اسی طرح اگر کوئی مرد ایسی جگہ مرجائے جہان کوئی مرد غسل دینے والا موجود نہ ہو تو اسکو محرم عورت بے کپڑا لپیٹے ہوئے اور غیر محرم ہاتھون مین کپڑا لپیٹ کر تیمم کرادے نابالغ لڑکے اور لڑکی کو عورت اور مرد دونون غسل دیسکتے بہتر یہ ہے کہ نہلانیوالا

میت کا کوئی عزیز ہو اگر عزیز نہلانا نہ چاہتا ہو تو کوئی متقی پرہیزگار آدمی اسکو غسل دے
اور جس جگہ میت کو غسل دیا جائے وہان سوا غسل دینے والے اور اس شخص
کے جو اُس کا شریک ہو کوئی دوسرا نہ جائے (۴) سوال میت کو کفن مین کون
کون کپڑے دئے جائین جواب مرد کو تین کپڑے دینا سنت ہے ایک کفنی تا
نصف پنڈلی ایک تہ بند ایک چادر سر سے پانک اور عورت کو دو کپڑے زیادہ
ایک دامنی جس مین سر کے بال لپٹ کر سینے پر رکھتے ہین اور ایک سینہ بند بغل
سے زانو تک اگر مرد کے کفن مین صرف تہ بند اور چادر پر اکتفا کی جائے
یا عورت کے کفن مین صرف کفنی اور تہ بند یا صرف دو تہ بندون پر اکتفا کی جائے
تب بھی جائز ہے اور اگر اسقدر بھی ممکن نہ ہو تو جس قدر ہو سکے مگر کم از کم اس قدر
کپڑا جو پورے بدن کو چھپا لے ضروری ہے بالغ و نابالغ وغیرہ سب کا کفن یکسان
ہے البتہ جو لڑکا مرا ہوا پیدا ہوا اُس کے لئے صرف کپڑے مین لپیٹ دینا کافی ہے
کفن مسنون کی ضرورت ہین کفن انہین کپڑون کا ہونا چاہئے جن کا پہننا حالت
زندگی مین جائز تھا البتہ استطاعت کا لحاظ مدنظر رکھا جائے (۵) سوال میت
کو کفن پہنانیکا طریقہ کیا ہے جواب مرد کو کفن پہنانیکا طریقہ یہ ہے کہ پہلے کفن
کی چادر کسی تخت یا بوریا پر بچھادی جائے اور اُسکے اُوپر تہ بند بچھا دیا جائے
اور میت کو کفن پہنا کر تہ بند پر لٹا دین اور پہلے تہ بند لپیٹ دین اسطرح کہ پہلے بایان
جانب اسکا میت کے بدن پر رکھین پھر داہنا تاکہ داہنا جانب بائین کے اوپر رہے پھر چادر کو اسطرح لپیٹ دین تاکہ داہنا
جانب بائین کے اوپر رہے اور کپڑے کی دھجی لیکر سر اور پاؤن کے طرف سے
باندھ دو اور چاہین کمر کے نیچے بھی باندھ دو عورت کو کفن پہنانیکا طریقہ یہ ہے کہ

سب پہلے کفن کی چادر کسی تخت وغیرہ یا بوریا پر بچھا کر اوسکے اوپر تہ بند بچھا دین اور عورت کو کفن پہنا کر اسکے بالون کے دو حصہ کر کے ایک حصہ گردن کی نیچے سے داہنے جانب لاکر اور دوسرا گردن کے پیچھے سے بائین جانب لاکر سینہ پر رکھ دین کفنی کے اوپر بعد اسکے دوپٹہ اوسکے سر پر چادر کے سینے تک ڈالدین بعد اسکے تہ بند پر لٹا دین اور مثل سابق پہلے تہ بند کو لپیٹین اسکے بعد چادر کو ان سب کے بعد سینہ بند کو لپیٹ دین اور کپڑے کی دہجیون سے باندہ دین جب میت کو کفن پہنا چکے تو اسکی نماز پڑہین اور تمام احباب و اقارب کو خبر کر دین تاکہ وہ لوگ بھی اسکے حق سے ادا ہو جائین اور نماز مین اکثر شرکت

## ترکیب نماز جنازہ کی

نیت چار تکبیر کیساتھ نماز جنازہ پڑھتا ہون مین واسطے اللہ تعالی کے دعا کرتا ہون مین واسطے اس میت کے منہ طرف قبلہ کے تابع ہو کر امام کے اللہ اکبر کہکر ہاتھ باندہے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھکر پہر اللہ اکبر کہے اور درود ابراہیمی پڑھکر پہر اللہ اکبر کہے اور دعا ذیل پڑہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ پڑھکر اللہ اکبر کہکر دو طرف سلام کرے ۔ چوتھی تکبیر کے بعد رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھکر پہر دو طرف سلام کرنا بہتر ہے میت اگر نابالغ لڑکا ہو تو اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ

اللّٰهم صلّ علی محمد و علی آل محمد [illegible] بارک علی [illegible]

لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا اگر میت نابالغہ ہو تو بجائے اِجْعَلْهُ کے اِجْعَلْهَا اور شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً پڑہے

**سوال** - ہر اللہ اکبر کہنے کیوقت کیا آسمان کیطرف سر اٹھانا اونچی ضروری امر ہے **جواب** ضروری نہین بلکہ منع ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ آسمان کیطرف سر اوٹھانے سے باز رہو ورنہ تمہاری بصارت کو خدا سلب کر لیگا **سوال** اگر بچہ زندہ پیدا ہوا اور رویا چیلا یا اور فوراً مرگیا کیا ایسے بچہ کی نماز جنازہ پڑھنا بھی فرض ہے **جواب** بیشک فرض ہے اگر بغیر نماز کے دفن کرین تو سب گنہگار ہونگے **سوال** میت کو لیجانے اور دفن کرنیکا طریقہ بیان کرو **جواب** میت کا دفن کرنا فرض کفایہ ہے جسطرح اُس کا غسل اور نماز جب نماز سے فراغت ہو جائے تو فوراً اُسکو دفن کرنے کیلئے جہان قبر کہدی ہو لیجانا چاہئے اگر میت شیرخوار بچہ یا اُس سے کچھ بڑا ہو تو اُسکو دست بدست لیجائین یعنی ایک آدمی اپنے دونون ہاتھون پر اٹھالے پہر اُس سے دوسرا تیسرا آدمی لے اگر میت بڑا آدمی ہو تو اُسکو کسی چارپائی وغیرہ پر رکھکر لیجائین اور اُسکے چارون پایون کو ایک ایک آدمی اُٹھائے جنازہ کا تیز قدم لیجانا مسنون ہے جو لوگ جنازہ کے ہمراہ جائین اُنکو جنازہ کے پیچھے چلنا چاہئے اور کوئی دعا یا ذکر بلند آواز سے نہ پڑھنا چاہئے میت کی قبر کم سے کم اُسکے نصف قد کے برابر گہری ہونی چاہئے اور بغلی بہ نسبت صندوقی کے بہتر ہے جب قبر تیار ہو چکے تو میت کو قبلہ کی طرف سے قبر مین اُتارین قبر رکہتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

کہنا مستحب ہے میت کو قبر مین رکھکر اُسکو قبلہ رو کر دینا مسنون ہے قبر مین رکھنے کے بعد کفن کی گرہ مین کہول دی جائین جب میت کو قبر مین رکھ چکین جس قدر مٹی اُسکی قبر سے نکلی ہو وہ سب اُس پر ڈال دین اُس سے زیادہ مٹی ڈالنا مکروہ ہے بشرطیکہ بہت زیادہ ہو جس سے قبر اونچی ہو جائے قبر مین مٹی ڈالتے وقت سرہانے کی طرف سے ابتدا کیجائے ہر شخص اپنے دونون ہاتھون مین مٹی بہر کر قبر مین ڈالے پہلی مرتبہ پڑہے مِنْهَا خَلَقْنَاكُم اور دوسری مرتبہ وَفِيهَا نُعِيدُكُم اور تیسری مرتبہ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُم تَارَةً أُخْرَىٰ بعد دفن کے بالکل تھوڑی دیر تک قبر پر ٹہیرنا اور میت کے لئے دعائے مغفرت کرنا یا قرآن مجید پڑہکر اس کا ثواب اُسکو پہنچانا مستحب ہے اور مٹی ڈال چکنے بعد قبر پر پانی چھڑک دینا اور اوسپر کوئی سبز شاخ رکھ دینا مستحب ہے قبر کا ایک بالشت سے بہت زیادہ بلند کرنا مکروہ تحریمی ہے نیز پختہ کرنا مکروہ ہے بلکہ اس کا کچا رکہنا بہتر ہے جب قبر مین مٹی پڑ چکے تو اُسکے بعد میت کا قبر سے نکالنا جائز نہین **سوال** دفن کرنیکے بعد قبر پر تلقین کرنیکے متعلق کیا حکم ہے اور وہ کسطرح ہے **جواب** اکثر بزرگون نے دفن کے بعد تلقین کرنیکو مستحب کہا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ دفن کے بعد کوئی شخص آکر قبر کے مقابل بیٹھکر پڑہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ وَابْنَ اَمَةِ اللّٰهِ اُذْكُرْ مَا خَرَجْتَ عَلَيْهِ مِنْ دَارِ الدُّنْيَا اِلٰى مَضِيْقِ الْاٰخِرَةِ مِنْ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ يَا عَبْدَ اللّٰهِ وَابْنَ اَمَةِ اللّٰهِ قَدْ جَاءَكَ السَّمَاءُ مَلَكَانِ مِنَ اللّٰهِ الْمَلَكَانِ الْكَرِيْمَانِ الْمَأْمُوْرَانِ لَا يَنْفَعَانِكَ وَلَا يَضُرَّانِكَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ

فَلَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ یَا عَبْدَ اللّٰہِ وَابْنِ اَمَۃِ اللّٰہِ یَسْأَلَانِکَ مَنْ رَبُّکَ فَقُلْ
رَبِّیَ اللّٰہُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ وَیَقُوْلَانِ مَنْ نَبِیُّکَ فَقُلْ نَبِیِّیْ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ الَّذِیْ
ھٰذَا نَبِیٌّ بِالْحَقِّ وَیَرُدُّوْنَ مَا دِیْنُکَ فَقُلْ دِیْنِیَ الْاِسْلَامُ وَالْاِنْقِیَادُ
لِاَمْرِ اللّٰہِ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ نَبِیًّا وَبِعِظَمِ
الْاِسْلَامِ یَقِیْنًا وَبِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ اِمَامًا وَبِالْکَعْبَۃِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قِبْلَۃً وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ
الصَّالِحِیْنَ اِخْوَانًا وَاَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ
رَسُوْلُہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ الْجَنَّۃَ وَالنَّارَ حَقٌّ وَاَنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ
مَنْ فِی الْقُبُوْرِ یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ
فِی الْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۞ سوال
میت حاملہ کی بابت کیا حکم ہے خواہ پورے دن ہو یا کم و بیش بعض لوگ پیٹ
چاک کرکے نکال دیتے کو کہتے ہیں جواب پیٹ چاک کرکے نکال لینا اسوقت
ہے جب بچہ زندہ حرکت کرتا ہوا معلوم ہو ورنہ اگر بچہ بھی مرگیا ہو تو پیٹ کا چاک کرنا
یا چاک کرینگے بجائے کسی جاہلانہ رسم کا ادا کرنا جائز نہیں۔

## عیدین کی نماز

دو رکعت نماز عید الفطر کی یا عید الضحیٰ کی چھ تکبیر کے ساتھ پڑھتا ہوں میں واسطے
اللہ تعالیٰ کے منہ طرف قبلہ کے تابع امام کے اللہ اکبر کہکر رکعت باندھے اور
ثنا پڑھکر اللہ اکبر کہے اور دونوں ہاتھ نیچے چھوڑے رہیں پھر دوسرے بار
اللہ اکبر کہکر دونوں ہاتھ چھوڑدے پھر تیسرے بار اللہ اکبر کہکر رکعت باندھے
سورۂ فاتحہ وضم سورہ کے بعد رکوع وسجود کرکے دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہے

اور سورۂ فاتحہ وضم سورہ کے بعد اسی طرح کھڑا رہکر تین بار اللہ اکبر کہئے اور پھر ہر بار دونوں ہاتھ نیچے چھوڑ دیں جوتھے وقت اللہ اکبر کہکر رکوع کرے پھر سجدہ وغیرہ احکام پنجگانہ نماز کیطرح ادا کرے بعد نماز خطبہ پڑھا جاوے خطبہ کے بعد اپنے اپنے گھروں کو واپس آجاویں۔

## فاتحہ ثواب رسانی کا بیان

**سوال** کیا اہلسنت وجماعت کے پاس زندوں کی ثواب رسانی سے مردونکو نفع پہونچنا ثابت ہے **جواب** بیشک ثابت ہے رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ سے واضح ہے کہ پہلے گذرے ہوئے ایماندار بھائیوں کے حق میں دعائے مغفرت کیجائے اگر اس دعا سے انکو فائدہ پہونچنا ثابت نہوتا تو اس دعا کی تعلیم نہوتی۔ جنازہ کی نماز بھی دراصل میت کیلئے دعائے مغفرت ہے **سوال** کیا ثواب رسانی فقط کھانا پانی کپڑا و مال خیرات کرنے پر ہی موقوف ہے **جواب** ہر نیک کام کا ثواب پہنچتا ہے فقط کھانا پانی کپڑا وغیرہ مالی صدقہ پر ثواب کچھ موقوف نہیں بلکہ نفل روزہ رکھکر یا نفل نماز پڑھکر یا قرآن پڑھکر میت کو ثواب بخشیں تو بھی ثواب پہنچتا ہے یعنی ان نیک کاموں کے کرنیوالے کو جو ثواب ملیگا وہ سب ثواب میت کو ہبہ و بخشش کیا جائے **سوال** ثواب رسانی کا نام فاتحہ دلانا کسلئے مشہور رہا **جواب** اس لئے کہ جب کسیکو ثواب پہنچانا مقصود ہوتا ہے تو اپنی قدرت کے موافق کھانا پکوا کر غریب و محتاج و مساکین کو کھلا کر اسکا ثواب بخشا جاتا ہے اسکو مالی عبادت کہتے ہیں۔ مالی عبادت کے ثواب کیساتھ بدنی عبادت کا ثواب بھی جمع کرکے پہنچانے سے ہر دو قسم کی عبادت کا ثواب

پہنچانا نہایت افضل سمجھکر بزرگون نے یہہ طریقہ مقرر کیا کہ بدنی عبادت مین سے
قرآن کی تلاوت مناسب سمجھی گئی قرآن کبھی پورا پڑھنا وقت ضرورت دشوار تھا
اس لئے قرآن شریف کے چھوٹے سورے جو پڑھنے مین آسان اور ثواب مین زیادہ ہین
جیسے سورۂ فاتحہ وسورۂ اخلاص پس ثواب رسانی کیوقت فاتحہ کا سورہ پڑھا جاتا ہے
اسلئے ثواب رسانی کا نام فاتحہ دلانا مشہور ہوا **سوال** فاتحہ کا درجہ جو مشہور
ہے وہ کیا ہے **جواب** فاتحہ کا درجہ دعا کا نام ہے یعنی اِلٰی حَضْرَةِ النَّبِیِّ وَ
اَصْحَابِ النَّبِیِّ وَاَهْلِبَیْتِ النَّبِیِّ وغیرہ الفاظ سے ثواب پہنچانے کے لئے
دعا کیجاتی ہے **سوال** کیا اس قسم کی دعا زبان سے کرنا ضروری ہے صرف
دل مین نیت کرنا کافی نہین **جواب** جسطرح نماز کی نیت دل مین کرنا باوجود
کافی ہونے کے زبان سے کہنا بھی مستحسن ہے اسیطرح ثواب رسانی کی نیت
دل مین کرنا کافی ہے اور زبان سے کہنا بھی اچھا ہے تاکہ دل و زبان کی موافقت
پائیجائے **سوال** کیا ثواب رسانی کا طریقہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ
رضی اللہ عنہم وغیرہم کے زمانہ مین بھی تھا **جواب** بیشک تھا خود رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابی سعد رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ تم اپنی مان کی
ثواب رسانی کیلئے پانی کا کنواں تیار کرو تاکہ اسکا ثواب تمہاری والدہ کو پہنچے
**سوال** کیا مالی عبادت جیسے کہانا وغیرہ کا ثواب پہنچانے کیوقت سورۂ فاتحہ
واخلاص وغیرہ کا پڑھنا ضروری ہے اگر خود کو پڑھنا نہ آتا ہو تو پڑھنے والے
کو تلاش کرتے پھرنا اور بچون کو بھوکے رکھنا اور بغیر فاتحہ پڑھنے کے کھانا
نہ کھلانا جائز ہے **جواب** ہر مسلمان مرد وعورت پر نماز پڑھنا فرض ہے نماز

پڑھنے کیلئے سورۂ فاتحہ کا یاد رہنا ضروری ہے اگر کیکو یاد نہو تو سیکھنا ضروری
ہے تاکہ نماز پڑھنے کیلئے اور تلاوت و ثواب رسانی کیلئے بھی کام آوے
ثواب رسانی کیوقت اگر کسی کو سورۂ فاتحہ یاد نہو تو دوسرے شخص کو تلاش کرنا ضرور نہیں بلکہ صرف جسقدر کھانا خیرات
کیا جاویگا اسی کے ثواب پہنچانے کی نیت کر لینا کافی ہے گھر کے بچون کو یا بڑونکو
کھانے سے منع کرنا ضروری نہین کیونکہ کھانا اسی قصد سے پکوایا جاتا ہے کہ کچھ تو
گھر والے کھاوینگے اور کچھ دوست واحباب کو کھلاوینگے اور کچھ خدا کے نام پر
محتاجونکو کھلا کر اسکا ثواب فلان شخص کو ہبہ کر دینگے پس اس نیت سے جو کھانا
پکوایا جاتا ہے وہ گھر والون کو اور دوست واحباب کو مالدارون کو سبکو کھانا درست
ہے جسقدر محتاجون کو کھلایا جاوے گا صرف اسیقدر ثواب میت کو پہونچیگا اور
جو گھر والے اور دوست واحباب مالدار کھاوینگے اسکا ثواب تو میت کو نہین پہونچیگا
پھر گھر والون کو کھانے سے منع کرنا بے فائدہ ہے اگر مذکور نیت نکر کے صرف ثواب
رسانی کی نیت سے پکوایا جاویگا تو گھر والون کو کھانا بھی درست نہین اور مالدارون کو
کھلانا بھی ناجائز ہے کیونکہ طعام صدقہ محتاجون مساکین کو کھلانا ضروری ہے **سوال**
کیا کھانا سامنے رکھکر کھڑا رہکر ہاتھ اوٹھاکر عود جلاتے ہوئے فاتحہ خوانی جائز ہے
**جواب** کھڑا رہکر یا بیٹھکر فاتحہ ہر دو صورت سے جائز ہے اور فاتحہ خوانی کے
وقت (یا اللہ اسکا ثواب فلان کو بخش دے) کہا جاتا ہے پس لفظ (اس) کا مشار الیہ
غائب رکھکر اس کا ثواب کہنے سے وہ شئے روبرو رکھکر اسکا ثواب بخش دے کہنا بہتر ہے
مگر ان امور کو ضروری و لازمی نہ سمجھے **سوال** بعض بزرگونکی فاتحہ مین کھانا مخصوص ہے تا
جیسا سید احمد کبیر رضی اللہ عنہ کے نام سے ہرا روٹی اور اجالے شاہ صاحب کیلئے مرغ

روٹی اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے نام سے کھیر و پوریان تیار کئے
جاتے ہین اس روز گوشت پکانے سے پرہیز کیا جاتا ہے اور بغیر غسل کے کھانا و پکانا بے
ادبی سمجھا جاتا ہے پہلے لکڑہارے کی کہانی پڑہکر بعد فاتحہ پڑہی جاتی ہے اور سفرہ
پر ترکاری و مولی وغیرہ اشیا خصوصیت کیساتھ رکھی جاتی ہین اور کھیر و پوریان رکھے
رکھے ہوئے برتن کو اس جگہ سے اٹھانا اور ہٹانا بے ادبی قرار دیا گیا ہے اور بی بی
رابعہ بصری رضی اللہ عنہ کے نام سے کھچڑی اور مائدہ کے ساتھ چوبیس چیزین اور مرچ
چٹنی اور روٹ میٹھی سوجی بنی جسکو کاچی اور کڑاہی بھی کہتے ہین اور حضرت شاہ مدار کے
نام سے چکولیان پکائے جاتے ہین - بوعلی کی سنی اور اصحاب کہف کا توشہ
کیا جاتا ہے جس مین کالے کتے کو دعوت کیجاتی ہے اتفاق سے کوئی کتا گھر مین
آگیا تو خوش ہوتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ وہی کتا ہے جسکو ہم دعوت دے آئے تھے
اور بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نام کا کونڈا کیا جاتا ہے جسمین گوشت پکانا ممنوع سمجھا
گیا ہے اور کھانا انکا سوا سادات بی بیون کے ساتھ مخصوص کیا سادات مردونکو کہانا کھلانا
ناجائز سمجھا گیا ہے اور شاہ مدار کی ثواب رسانی کیلئے گائی کا گوشت مضایقہ نہین
دوسرون کی ثواب رسانی گائی کے گوشت سے ناجائز سمجھی جاتی ہے اور بانی پتہ (؟)
ضروری سمجھا جاتا ہے کیا یہ امور مذکورہ کی شریعت مین کوئی دلیل بھی ہے جواب
خدا کے نام پر کھجور کی آدھی پہانک یا سوکھی روٹی کا ٹکڑا یا گھونٹ پانی و شربت وغیرہ
خیرات کرنے سے بھی ثواب ملتا ہے تو عمدہ و لذت دار قیمتی خذائین جیسے کھیر پوریان
مرغ روٹی کھچڑا کھچڑی چکولیان چوسنگے بتی روٹ سوجی حلوا وغیرہ کھلانے سے ثواب
کیلئے نہ ملیگا بلکہ زیادہ ملیگا کیونکہ خدا کے نام پر جتنا پیسا زیادہ خرچ ہوگا اتنا ہی زیادہ

خرچ ہوگا اتنا ہی زیادہ ثواب ملیگا اسمین کچھ شک وشبہ نہین لیکن اسکو ضروری نہ سمجھے ایک ایک شخص کیلئے ایک ایک قسم کی غذا ثواب رسانی کیلئے خاص کرلینا اور اسکو ضروری ولازمی سمجھنا اور جعفر صادق رضی اللہ عنہ وبی بی رابعہ بصری رضی اللہ عنہا کی ثواب رسانی کیلئے گوشت پکوانے کو بُرا اور منع سمجھنا سفرہ پر سے برتن کو ہٹانے اور اٹھانے سے منع کرنا کھانی پڑھنا چھوتا کی پابندی کرنا بلاقید غسل کے کھانے و پکانے کو منع سمجھنا اور جسکے گھرمین اگر کوئی مرا ہو تو اسکو طعام فاتحہ نہ کھلانا اور گائے بھینس کے گوشت سے فاتحہ قبول نہین ہوتی کہنا اور جس گھرمین زچگی ہوئی ہو انکو نہ کھلانا اور حائضہ عورت کو طعام فاتحہ نہ کھلانا ۔ طعام فاتحہ گھر کے باہر لیجانے کو منع کرنا اور اسی قسم کے فضول کامون کو ضروری سمجھنا سراسر حماقت ونادانی ہے شریعت مین ایسے لغو اور باطل کامون کے جواز کی کوئی دلیل نہین صرف ثواب رسانی کا ثبوت ہے باقی بیہودہ رسوم وفضول پابندی ہرگز نکرے **سوال** کیا فاتحہ خوانی کے لئے وضو ضروری ہے اور عورتین بھی فاتحہ پڑھ سکتی ہین یا نہین **جواب** جبکہ عورت اور مرد ہر دو پر نماز پڑھنا فرض ہے تو فاتحہ خوانی ایک افضل کام ہے پس عورت و مرد ہر دو فاتحہ خوانی کرسکتے ہین اور فاتحہ پڑھنے کیلئے وضو کرنا ضروری نہین کیونکہ قرآن شریف بے وضو پڑھنا درست ہے مگر چھونا درست نہین **سوال** شعبان کی تیرہوین کی صبح کو عرفہ سمجھکر دردی یعنی پھول وسپارہ قبرون پر ڈالنا اور شام کو مردون کی فاتحہ خوانی مین فاتحہ پڑھنے والا (ہون یا ہان) کا اشارہ کرے تو ایک ایک مقدار خوامیدوار کا نام گن گن کر لینا اور سرنام لینے کیوقت عود انگار مین ڈالنا اور مخصوص حلوا چپاتی پکانے کو ضروری سمجھنا کیا یہ امور صحیح ودرست جائز ہین **جواب** پھول و

سبزہ یا اور کوئی خوشبو کی چیز قبروں پر ڈالنا مضائقہ نہین لیکن تیرھوین شعبان
کی خصوصیت کچھ ثابت نہین اس روز کو عرفہ سمجھنا بھی حماقت ہے نوین ذوالحجہ کو
عرفہ صحیح ہے اور ایک ایک کا نام گن گن کر لینا بھی ضروری نہین خدا کے نام پر دیجئے حلوا
چپاتی ہو یا اور کوئی غذا ہو سب کا ثواب ملتا ہے لیکن کسی خاص غذا مین ثواب
کی زیادتی و کمی کا اعتقاد نہ رکھے **سوال** اکثر لوگ بہت شوق و محنت سے پیسے
خرچ کر کے کھانا تیار کرتے ہین اور بہت خوش اعتقادی کیساتھ قل و درود پڑھتے ہین
یا کسی سے پڑھواتے ہین مگر کھانا تو خود گھر والے کھا جاتے ہین خدا کے نام پر
محتاجون کو نہین کھلاتے ہین پس اس فاتحہ سے کیا فائدہ ہوگا **جواب** اگر
قل درود گھر والا پڑھا ہے تو صرف قل درود کا ثواب ملیگا اگر کوئی دوسرا
پڑھا ہے تو اسکو ثواب ملیگا ہر حال مین جبتک خدا کے نام پر محتاجون کو کھانا نہ
کھلایا جاوے کھانے کا ثواب ہرگز نہ ملیگا **سوال** سوم۔ دہم۔ بستم۔ چہلم ششماہی
برسی و عرس ایام مقررہ مین کرنا جائز ہے یا نہین **جواب** ثواب رسانی ہر وقت
درست ہے تاریخ و دن کا مقرر کرنا اگر ثواب رسانی کے اہتمام مصلحت کے لئے
ہو تو مضائقہ نہین کیونکہ جبتک تاریخ و دن کا تقرر نہین ہوگا کسی کام کا اہتمام و خیال
نہین رہتا اور حدیث شریف سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ہر سال کی ابتدا مین شہدائے احد کی قبرون کے زیارت کیلئے تشریف لاتے تھے
اس سے برسی کا ثبوت ہوتا ہے اور پندرہوین شعبان کی شب کو بھی قبرونکی
زیارت کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ثابت ہے پس تعین تاریخ مین کوئی قباحت
نہین لیکن ان ایام و اوقات مقررہ مین ثواب کی زیادتی کا اعتقاد نہ رکھے **سوال** بزرگان

دین کی برسی کی فاتحہ کو کسلئے عرس کہا جاتا ہے جواب اسلئے کہ حدیث شریف
مین آیا ہے کہ جب نیک بندہ خدا کا قبر مین فرشتون کو جواب صحیح دیتا ہے تو فرشتے
خوش ہوکر کہتے کہ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ یعنی تم عروس کے مانند آرام کرو
پس عرس کا نام نَوْمَةِ الْعَرُوْسِ سے لیا گیا ہے دوستان خدا کے لئے
موت کا دن خدا سے وصال کا دن ہے جس روز محبوب حقیقی کا وصال ہو اس سے
زیادہ اور کیا عروسی ہوگی اسلئے موت کی تاریخ مین ہی عرس کیا جاتا ہے
اس مین کوئی قباحت نہین مگر ناجائز کام نکئے جائین طواف قبور سجدۂ قبور
طوائف کا گانا ناچنا سب حرام و ناجائز امور ہین اس سے اجتناب ضروری ہے

## بیان شب براءت وشب قدر

سوال شب برارت مین کیا کام کرنا چاہئیے جواب شب براءت بہت مبارک
رات ہے اس رات مین اللہ تعالیٰ بندون کی روزی موت وحیات وسعادت
وشقاوت وغیرہا سال آیندہ تک کا فیصلہ کرتا ہے حدیث شریف مین آیا ہے
بنی کلب کے بکریوں کے بالون کی گنتی سے بھی زیادہ بندون کی براءت اور مغفرت
ہوتی ہے اسلئے اس رات مین جناب باری مین آہ وزاری کرکے اپنے جملہ گناہون
سے توبہ نصوحہ کرے اور یہہ دعا کرے اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ
فَاعْفُ عَنِّيْ اے میرے اللہ تو بہت عفو کرنیوالا ہے تو عفو کو دوست رکھتا ہے
پس مجھ سے درگزر کر اور مجھکو بخشدے اگر میرا نام اشقیا اور بدبختون کے دفتر مین
لکہا ہے تو اس دفتر سے میرا نام مٹا کر سعیدون اور نیک بختون کے دفتر مین میرا
نام لکہدے اور سید الاستغفار پڑھنا بھی مناسب ہے سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ترجمہ اے میرے اللہ تو میرا رب ہے تیرے سوائے کوئی معبود برحق نہین تونے مجھ کو پیدا کیا اور مین تیرا بندہ ہون اور مین تیرے عہد و وعدہ پر ہون جتنا مجھ سے ہو سکا مین تیری پناہ مین آتا ہون میرے عمل کی بدی سے تیرے لئے اقرار کرتا ہون تیری نعمت کا جو میرے پر ہے اور میرے گناہ کا اقرار کرتا ہون اور تیری طرف رجوع کرتا ہون پس تو مجھے بخشدے کیونکہ تیرے سوائے گناہون کا بخشنے والا کوئی نہین ہے - حدیث شریف مین ہے کہ یہ سید الاستغفار دن مین یا شب مین ایکبار اگر کوئی یقین و اعتقاد سے پڑھیگا تو بیشک جنتی ہوگا عام اس سے کہ وہ دن مین مرے یا رات مین مرے پس طالب جنت کو ضرور ہے کہ سید الاستغفار ہر دن و ہر شب پڑھے شب برات اور شب قدر دونون راتون مین اسی موافق عمل کرنے شب برات مین بعد نماز عشا کے اہل قبور کی زیارت کرنا اور انکے لئے دعائے مغفرت کرنا چاہیئے اور شب برات و شب قدر مین نفل دوگانے جتنے چاہے پڑھے کوئی تعداد خاص سے حدیث سے ثابت نہین جماعت کیساتھ نفل دوگانہ پڑھنا مکروہ ہے بہتر ہے کہ صلواۃ التسبیح اکیلے اکیلے پڑھے -

## صلواۃ التسبیح

چار رکعت صلواۃ التسبیح پڑھتا ہون واسطے اللہ کے منہ طرف قبلہ کے اللہ اکبر کہکر رکعت باندہے ہر رکعت مین سورۂ فاتحہ و ضم سورہ کے بعد سُبْحَانَ اللّٰهِ

والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پندرہ بار پڑھے پھر رکوع
مین سبحان ربی العظیم تین بار کہنے کے بعد دس بار سبحان اللہ والحمد
للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھے پھر رکوع سے سر اٹھاکر قومہ مین کھڑا
ہوکر وہی سبحان اللہ آخر تک دس بار پڑھے پھر سجدہ مین سجدہ کی تسبیح کے
بعد وہی سبحان اللہ آخر تک دس بار پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھاکر جلسہ مین
وہی سبحان اللہ دس بار آخر تک پڑھکر دوسرے سجدہ مین سجدہ کی تسبیح کے
بعد وہی سبحان اللہ آخر تک دس بار پڑھے پھر دوسرے سجدہ سے سر اٹھاکر
بیٹھکر وہی سبحان اللہ آخر تک دس بار پڑھکر دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہووے
پس اس حساب سے ہر رکعت مین پچھتر بار سبحان اللہ آخر تک تسبیح ہوتی ہے
کُل چار رکعت کے تین سو تسبیح ہوتے ہین پہلے قعدہ اور دوسرے قعدہ مین سبحان
اللہ آخر تک دس بار پڑھکر بعد تشہد پڑھے فائدہ واضح ہو کہ صلواۃ التسبیح کی حدیث
شریف سے بہت فضیلت ثابت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے
چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ اے میرے چچا کیا مین تمکو ایسا عمل نہ بتلاؤن
کہ جس کے کرنے سے اگلے پچھلے چھوٹے بڑے خفیہ علانیہ جانکر یا انجانی کئے ہوئے گناہ
سب خدا بخشدیگا وہ صلواۃ التسبیح ہے یہ نماز اگر ہر روز ایکبار پڑھنا ہو سکے تو
بہتر ورنہ جمعہ مین ایکبار اگر ہفتہ مین ایکبار نہو سکے تو مہینے مین ایکبار پڑھے اگر
مہینے مین ایکبار نہ ہوسکے تو سال مین ایکبار پڑھے اگر سال مین ایکبار بھی نہ ہوسکے تو
عمر مین ایکبار پڑھے۔ یہ حدیث شریف مین ہے۔ پس اس سے زیادہ اور کیا فضیلت ہوگی

## مسائل غسل

سوال۔ غسل مین فرض کتنے اور کیا کیا ہین جواب غسل مین تین ۳ فرض ہین۔
(۱) کلّی کرنا (۲) ناک مین پانی ڈالنا (۳) تمام جسم کے ظاہری حصہ کا سر سے

پیر تک دہونا اس طرح کہ بال برابر کوئی حصہ بدن کا خشک نہ رہنے پائے **سوال** غسل
مین سنتین کتنی اور کیا کیا ہین **جواب** غسل مین پانچ سنت مین (۱) دونون
ہاتھون کو تین بار دہونا (۲) استنجا کرنا یعنی خاص حصہ کا دہونا (۳) مقام نجاست
کو دہونا (۴) وضو کرنا (۵) تمام بدن پر تین بار پانی ڈالنا **سوال** غسل کا
طریقہ اور اسکے احکام بیان کرو **جواب** جو شخص غسل کرنا چاہے اُسکو چاہئے
کہ کوئی کپڑا لنگی وغیرہ باندھ کر نہا سئے اور اگر برہنہ ہو کر نہائے تو ایسی جگہ
جہان کسی نامحرم کی نظر نہ پہنچ سکے عورت کو ور برہنہ نہانیوالے کو بیٹھکر نہانا
چاہئیے اور برہنہ نہانیوالے کو قبلہ کی طرف منہ نہ کرنا چاہئیے سب سے پہلے
پیشاب وغیرہ سے فارغ ہو کر دونون ہاتھون کو پہنچون تک تین بار دہوئے
اور اسکے بعد اپنے خاص حصہ کو معہ خصیتین کے دہوئے اسکے بعد اگر جسم
پر کہین نجاست حقیقیہ ہو تو اُس کو دہو ڈالے اسکے بعد ہاتھون کو مٹی سے
ملکر دہوئے اور پورا وضو کرے لیکن اگر کسی ایسے مقام پر نہائے جہان
غسل کا پانی جمع رہتا ہو تو پیرون کو بعد فراغ غسل دوسری جگہ ہٹ کر دہولے
اس وضو مین سوائے بسم اللہ کے کوئی دعا نہ پڑہے وضو کے بعد پہلے سر پر
پانی ڈالے پھر داہنے شانے پر پھر بائین شانے پر اسطرح کہ جسم کا ظاہری حصہ
بال برابر خشک نہ رہنے پائے سر کے بالون کا بھگونا اگرچہ اُن مین گوند یا خطمی
لگی ہو فرض ہے اگر کسی نے بالون کا جوڑا باندھا ہو یا گوندہے ہوئے بال ہون
تو اُن کا کہول کر تر کرنا واجب ہے عورت کے بال اگر گوندہے ہون تو اُن کا کہولنا
ضروری نہین مگر اُن کی جڑون مین پانی پہونچانا ضروری ہے ڈاڑھی مونچھ اگر گھنی ہون تو
اُن کے نیچے کی سطح کا دہونا فرض ہے ناف کا دہونا فرض ہے ناک کے اندر جو میل
جم جاتا ہے اُسکو چھوڑا کر اُسکے نیچے کی سطح کا دہونا واجب ہے انگوٹھی اگر تنگ ہو

پاؤں کے سوراخوں میں بالیاں ہوں کہ بغیر حرکت دینے کے پانی جسم تک نہ پہنچے تو اُن کا حرکت دینا اور سوراخوں میں بالیاں نہ ہوں تو اُن میں پانی پہنچانا فرض ہے جس کا ختنہ نہ ہوا ہو اسکو اس جلد کا دھونا فرض ہے۔ جو ختنہ کی کھال کے نیچے چھپی ہے پہلے بار پانی ڈالکر تمام جسم کو ہاتھوں سے ملے اسیطرح دوبار اور تمام جسم پر اُسی ترتیب سے پانی ڈالے تاکہ تین بار تمام جسم پر پانی پہنچ جائے اسکا لحاظ رہے کہ باوجود جسم اور ہوا کے معتدل ہونیکے ایک حصہ خشک نہ ہونے پائے **سوال** غسل کے مکروہات کیا ہیں **جواب** (۱) بلا ضرورت ایسی جگہ نہانا جہاں کسی غیر محرم کی نظر پہنچ سکے (۲) برہنہ نہانیوالے کو قبلہ رو ہونا (۳) غسل میں سوا بسم اللہ اور دعاؤں کا پڑھنا (۴) نہاتے وقت بغیر سخت ضرورت کے کسی سے بات کرنا (۵) جتنی چیزیں وضو میں مکروہ ہیں غسل میں بھی مکروہ ہیں **سوال** غسل کے فرض ہونیکی صورت کونسی ہے **جواب** حدث اکبر سے پاک ہونیکے لئے غسل فرض ہے حدث اکبر کے پیدا ہونیکے چار سبب ہیں (۱) قُبل یا دُبر میں حشفہ یعنی خاص حصہ کے سر کا داخل ہونا خواہ انزال ہوا ہو (۲) منی کا اپنی جگہ سے شہوت کیساتھ جدا ہو کر جسم سے باہر نکلنا خواہ بیداری میں ہو یا خواب میں جسکو احتلام کہتے ہیں (۳) عورت کے ایام حیض کا گزرنا (۴) ایام نفاس کا گزرنا۔ **سوال** غسل واجب کونسے ہیں **جواب** (۱) میت کا غسل زندوں پر واجب ہے (۲) اُس کافر پر غسل کرنا واجب ہے جو حدث اکبر یعنی جنابت کی حالت میں مسلمان ہوا ہو (۳) جبکہ سارے بدن پر نجاست لگی ہو یا بعض بدن پر نجاست لگی ہو **سوال** غسل سنت کیا کیا ہیں **جواب** پانچ ہیں (۱) جمعہ کی نماز کے لئے (۲) عیدین کی نماز کیلئے (۳) احرام حج یا عمرہ کیلئے (۴) وقوف عرفات کے لئے (۵) اسلام میں داخل ہونے کے بعد بشرطیکہ

حالت کفر مین اسکو حدث اکبر نہ ہوا ہو سوال نجاست جنابت وحیض ونفاس
مین کن امور کی ممانعت ہے جواب (۱) نماز کا پڑہنا (۲) دوسرا قرآن مجید کا
چھونا (۳) قرآن مجید کا بقصد تلاوت پڑھنا مگر جو عورت معلمہ ہو حیض ونفاس کی
حالت مین کامل آیت کی تلاوت کے بغیر صرف ایک ایک لفظ کر کے تعلیم
دے سکتی ہے (۴) مسجد مین داخل ہونا (۵) کعبہ کا طواف کرنا (۶) سجدہ کرنا تلاوت
کا ہو یا شکرانہ کا (۷) مرد کو حیض ونفاس کی حالت مین عورت سے جماع کرنا
(۸) عورت کو حیض ونفاس کی حالت مین روزہ رکھنا سوال غسل مین ایک خاص
نیت پڑہی جاتی ہے اگر وہ نیت کسی کو نہ آتی ہو تو کسی اور سے پانی پر دم کرا کے
ختم غسل کے وقت اسکو سر پر اور دونون شانون پر تین تین لوٹے پانی ڈال لیا جاتا ہے
اسکی نسبت کیا حکم ہے جواب یہ مسائل شرع خصوص طریقۂ غسل سے ناواقف
ہونیکا نتیجہ ہے غسل مین صرف کلی کرنا ناک مین پانی لینا اور تمام جسم پر پانی بہانا
لازمی امور ہین کیونکہ یہی فرض ہین ان تین چیزون کے بعد اور کسی بات کی ضرورت
نہین ہے البتہ جو امور سنت ہین یعنی پہلے ہاتھ دہونا وضو کرنا مقام نجاست
دہونا استنجا کرنا بدن پر تین بار پانی بہانا (یعنی ابتداء غسل سے آخر تک تین دفعہ مین
فراغ حاصل کرنا) انکا عمل مین لانا بھی باعث ثواب ہے لیکن ان کے بغیر بھی
غسل ہو سکتا ہے اثناء غسل مین نیت وغیرہ کے پڑہنے کا موقع ہی کہان ہے
بلکہ بسم اللہ کے سوا اور کسی چیز کا پڑہنا مکروہ ہے غرض کوئی خاص نیت نہین ہے نہ
نیت پر غسل کا دار و مدار ہے نہ ختم غسل پر تین تین لوٹے پانی کا ڈالنا ضروری ہے
یہ سب لغویات ہین اگر کوئی شخص ان امور کو ضروری تصور کر کے ان کا اہتمام

یعنی غسل کرنے کی نیت کرنا اور بسم اللہ کہنا اور غسل کو اخیر تک ایک ہی دفعہ کرنا یا بدن کا دھو لینا

کرسے اور اصل فرض سے ناواقف رہنے کے باعث جسم کا کچھ حصہ گو بال برابر ہی کیون نہ ہو خشک رہجائے تو پھر ہرگز غسل صحیح نہوگا ناپاک کا ناپاک ہی رہجاویگا اس حالت مین نیت وغیرہ کا پڑھنا کچھ فائدہ نہ دیگا مسلمان کو ضرور ہے کہ اس مسئلہ سے خود بھی واقف ہون اور عورتون کو بھی واقف کرین سوال کیا حالت جنابت مین بغیر غسل کئے کھانا کھایا جاسکتا ہے جواب ہان درست ہے مگر بہتر یہ ہے کہ کم از کم وضو کرلے سوال اکثر عورتین مدتہاے غسل رہتی ہین کیا جائز ہے جواب ہرگز جائز نہین جنابت کے بعد فوراً غسل کرنا مرد و عورت ہر دو پر فرض ہے۔ بیان نکاح

سوال نکاح کسکو کہتے ہین جواب لغت مین نکاح کے معنی جماع کے ہین اور اصطلاح فقہ مین اس معاملہ کو کہتے ہین جس کے ذریعہ مرد قصداً عورت سے نفع اٹھانے کا مجاز ہوتا ہے سوال نکاح کے احکام کیا ہین جواب اگر جماع کی خواہش اس درجہ غالب ہو کہ بدون نکاح زنا مین مبتلا ہوگا نیز عورت کے حقوق مہر و نفقہ وغیرہ کے ادا کرنے پر قادر ہو تو نکاح کرنا واجب ہے۔ اور اگر اعتدال کی حالت ہو یعنی جماع کی خواہش نہ بہت غالب ہو نہ بالکل مفقود تو نکاح کرنا سنت موکدہ ہے اگر عورت کے حقوق نفقہ وغیرہ ادا نہ کر سکنے کا خوف ہو تو اس صورت مین نکاح کرنا مکروہ تحریمی اور بصورت یقین حرام ہے سوال نکاح کے ارکان کیا ہین جواب ایجاب و قبول سوال ایجاب و قبول کسکو کہتے ہین جواب مرد و عورت کا یا اُن کے اولیا یا وکلا کا دونون مین باہم زوجیت کا تعلق پیدا کرنے کا اقرار کرنا۔ اور اقرار کرنیکی گفتگو کرنا سب سے پہلے جسکی گفتگو ہوگی خواہ وہ مرد کی ہو یا عورت کی اُس کو ایجاب کہینگے اور اُس کے بعد دوسری گفتگو کو قبول سوال ایجاب

و قبول صحیح ہونے کے لئے کتنی باتین ضروری ہین جواب نو باتین ضروری ہین (۱) ایجاب
و قبول دونون یا دونون مین سے ایک ماضی کے لفظ سے ادا کیا جاسکے یعنی ایسا لفظ
ہو جس سے یہ بات سمجھی جائے کہ نکاح ہو چکا مثلاً عاقدین مین سے کوئی کہے کہ مین نے
اپنا یا اپنے موکل کا یا اپنی بیٹی کا نکاح تیرے ساتھ کر دیا دوسرا کہے کہ مینے منظور کیا یا ایک
کہے کہ تو اپنا نکاح میرے ساتھ کر لے دوسرا کہے کہ مین نے کر لیا (۲) ایجاب و قبول
دونون بذریعہ لفظ کے ادا کئے جائین نہ بذریعہ فعل کے مثلاً کوئی شخص بغیر زبان سے
کچھ کہنے کے مہر سامنے رکھ دے اور عورت بھی زبان سے کچھ کہے بغیر مہر لے لے تو اس
صورت مین ایجاب و قبول صحیح نہوگا - کیونکہ ایجاب و قبول بذریعہ لفظ کے نہین ادا
کیا گیا بلکہ بذریعہ فعل کے ادا کیا گیا ہے جو درست نہین ہے - کتابت بھی لفظ کے
حکم مین ہے یعنی اگر کاتب مجلس عقد مین موجود نہ ہو - اور اپنی تحریر دو گواہون کو سنا دے
اور دکھا دے اور ان کو اس پر دو گواہ کر دے اور وہی گواہ مجلس عقد مین اس کی تصدیق
کرین اگر کاتب وہان موجود ہو تو پھر کتابت لفظ کے حکم مین نہین ہے - بلکہ فعل کے
حکم مین ہے پس ایجاب و قبول کا اس کتابت کے ذریعہ سے ادا کرنا درست نہوگا
ہان جو شخص گونگا ہو اُس کے لئے ایجاب یا قبول کا بذریعہ لفظ کے ادا کرنا ضروری
نہین - بلکہ بذریعہ اشارہ کے کافی ہے بشرطیکہ وہ اشارہ پہلے سے معین ہو (۳) ایجاب
کی عبارت پوری ادا ہو چکنے کے بعد قبول کی عبارت ادا کی جائے تو ایجاب و قبول
صحیح ہوگا اور اگر کوئی شخص کسی عورت سے کہے کہ مین تیرے ساتھ نکاح کرتا ہون سوا سو
روپیہ مہر جسکے عوض مین - عورت قبل اسکے کہ مرد سوا سو روپیہ مہر کا لفظ منہ سے نکالے
یہ کہہ سکے کہ مین نے منظور کر لیا تو اُس صورت مین قبول صحیح نہ ہوگا - کیونکہ ابھی ایجاب کی

عبارت تمام نہ ہونے پائی تھی کہ قبول کی عبارت ادا کر دی گئی (۴) ایجاب و قبول
دونوں ایک ہی مجلس میں ادا کئے جائیں اگر عاقدین میں سے کوئی اس مقام میں موجود
نہ ہو بلکہ اس نے اپنی تحریر بھیجی ہو تو وہ تحریر جس مجلس میں پڑھی جائے اسی مجلس میں
قبول کا ہونا ضروری ہے ایجاب قبول کا متصل ہونا ضروری نہیں اگر ایک ہی مجلس میں
ایجاب و قبول ہوں گو دونوں میں بہت کچھ فصل ہو جائے تب بھی درست ہے مجلس کے
ایک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ایجاب و قبول کے درمیان میں کوئی ایسا فعل نہ ہونے پائے
بیٹھے سے اٹھ کھڑا ہونا کسی سے باتیں کرنے لگنا۔ سو رہنا۔ نماز پڑھنے لگنا۔ چلنا پھرنا
اور اسی قسم کے افعال اگر ایجاب و قبول کے درمیان میں واقع ہو جائیں گے تو مجلس
بدل جائیگی بعد ان افعال کے قبول ادا کیا جائے گا تو صحیح نہ ہوگا۔ بلکہ پھر ایجاب کا
اعادہ ضروری ہے اگر عاقدین ریل جہاز کشتی پر سوار ہونے کی حالت میں ایجاب و
قبول کریں تو درست ہے مگر پیادہ پا چلنے کی حالت میں درست نہیں (۵) ایجاب و قبول
باہم مخالف نہ ہوں مثلاً کوئی مرد کسی عورت سے کہے کہ میں تیرے ساتھ سو روپیہ مہر
کے عوض میں نکاح کرتا ہوں عورت کہے کہ میں نے نکاح تو منظور کیا مگر یہ مہر منظور نہیں
تو ایسی حالت میں ایجاب و قبول صحیح نہ ہوگا (۶) ایجاب یا قبول کسی وقت پر موقوف
یا کسی شرط پر مشروط نہ ہو مثلاً کوئی شخص یہ کہے کہ تیرے ساتھ نکاح کر لیا تو ان
دونوں صورتوں میں ایجاب و قبول صحیح نہ ہوگا (۷) عاقدین میں سے ہر ایک
دوسرے کے کلام کو سنے اگر نہ سنیگا تو نکاح نہ ہوگا (۸) ایجاب و قبول میں عاقدین کا
مشخص و معلوم ہونا ضروری ہے مرد کا معلوم ہونا تو ظاہر ہے کہ حاضر مجلس رہتا ہے
البتہ جس عورت سے نکاح کیا جاتا ہو وہ معین کر دیجائے خواہ اس طور پر کہ وہ

عورت خود مجلس نکاح میں حاضر ہو خواہ اپنا چہرہ دکھلا دے یا اس طور پر کہ نام اور اسکے باپ کا نام عقد نکاح کیوقت گواہوں اور عاقد یا عاقل عاقلہ کے سامنے لیا جائے اگر عورت کے نام میں یا عورت کے باپ کے نام میں غلطی ہو جائے اور عورت مجلس نکاح میں موجود نہ ہو تو نکاح نہ ہوگا نیز غلطی سے ایک نام کے بجائے دوسرا نام نکلجائے تو نکاح دوسرے نام ہی پر متحقق ہوگا مثلاً ایک شخص نے اپنی دو ان بیاہی بیٹیوں حمیدہ و سعیدہ سے کے منجملہ سعیدہ کا نکاح مقرر کیا مگر وقت نکاح غلطی سے حمیدہ کا نام زبان سے نکل گیا اور ایجاب وقبول اسی نام پر ہوا تو یہ نکاح حمیدہ کیساتھ ہی منعقد ہوگا۔ سعیدہ کیساتھ نہ ہوگا (۹) ایجاب وقبول میں یا تو خاص کر لفظ نکاح و تزویج کا استعمال کیا جائے یا اسکے ہم معنی کوئی دوسرا لفظ جو نکاح کا مطلب صریح طور پر ادا کرتا ہو مثلاً تیرے ساتھ نکاح کیا یا تزویج کیا یا یہ کہ میں نے تجھکو اپنی بی بی بنا لیا یا میں تیرا شوہر ہوگیا ہے (۹) باتیں صحت ایجاب وقبول کیلئے ضروری ہیں۔

**سوال** کیا ایجاب وقبول میں دلی رضامندی بھی شرط ہے **جواب** ایجاب وقبول کا دلی رضامندی سے ہونا شرط نہیں حتیٰ کہ اگر کوئی شخص کسی خوف سے یا مسخرپن میں ایجاب اور قبول کے الفاظ زبان سے نکالا تو نکاح صحیح ہوجائیگا۔ **سوال** کیا ایجاب وقبول کا عربی زبان میں ہونا یا ان کے الفاظ کے معنی سے واقف ہونا ضروری ہے **جواب** ایجاب وقبول کا عربی زبان میں ہونا ضروری نہیں نیز ان کے الفاظ کے معنی سے واقف ہونا شرط نہیں صرف اس بات کا جان لینا کافی ہے کہ

اس لفظ سے نکاح ہوجاتا ہے **سوال** نکاح کیلئے کتنے گواہ کی ضرورت ہے **جواب** دو مرد یا ایک مرد اور دو عورت آزاد اور مسلمان عاقل و بالغ ہوں اندھے ہوں یا فاسق ہوں رشتہ دار ہوں یا اجنبی سب کی گواہی درست ہے فرشتوں یا خدا و رسول کی گواہی کافی نہیں کیونکہ گواہ ایسے ہونا ضروری ہے کہ خصومت کے وقت انکو عدالت میں پیش کرسکیں **سوال** مہر کی تعریف اور اسکے اقسام بیان کرو **جواب** مہر اُس زر نقد یا جنس کا نام ہے جو نکاح کے عوض عورت کیلئے مرد کے ذمہ مقرر کیا جاتا ہے مہر کی چار قسمیں ہیں مہر مؤجل و مہر معجل مہر مسمیٰ مہر مثل **سوال** کیا نکاح کیوقت مہر کا ذکر کرنا شرط ہے اور بغیر مہر کے نکاح نہیں ہوسکتا **جواب** مہر وجود نکاح کیواسطے نہیں بلکہ بقاء نکاح کیلئے ضروری ہے پس اگر بروقت نکاح مہر کا ذکر نہ کیا جاے یا بشرط عدم مطالبہ مہر نکاح کرلے تو نکاح ہو جائیگا لیکن مہر دینا پڑیگا یعنی اس صورت میں مہر مثل واجب ہوگا **سوال** مہر کے کتنے شرط ہیں **جواب** دو شرط ہیں (۱) مہر کم از کم دس درہم چاندی کی قیمت کا ہو (۲) مہر از قسم مال ہو۔ یعنی مہر دس درہم ہی ہونا ضرور نہیں بلکہ جو چیز کہ مال ہو اور اسکی قیمت دس درہم کے مساوی ہو یا زائد سب مہر ہوسکتی ہے مثلاً سونا چاندی گھوڑا بیل بھینس زمین یا وہ منافع جنکے معاوضہ میں اجرت لینا جائز ہے از قسم مال سمجھے جاوینگے اور انکا مہر قرار دینا صحیح ہوگا مثلاً ملازم کی خدمت گھوڑے کی سواری وغیرہ لیکن شراب سور مردار وغیرہ جو چیزیں شریعت محمدیہ میں از قسم مال نہیں ہیں مہر نہیں ہوسکتیں۔ درہم ۳ماشہ ۱٫ رتی

وزن کا ہوتا ہے دس درہم کے تقریباً دو تولہ سات ماشہ چار رتی چاندی ہوتی ہے حسب قدرت زیادہ مہر باندھنا منع نہیں لیکن حیثیت سے زیادہ مہر مکروہ ہے افضل یہ ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بیون اور بیٹیوں کے مہروں میں سے کسی مہر کو اختیار کرے مثلاً بی بی عائشہؓ کا مہر (۴۰۰) درہم یعنی ۷۲ تولہ ۱۱ ماشہ چاندی تھا بی بی زینبؓ وحفصہؓ کے مہر بھی اسی قدر تھے بی بی خدیجہؓ کا ۲۱ یا ۱۰ اوقیہ طلا یعنی ۱۹ تولہ ۱۰ ماشہ ۶ رتی ۔ بی بی فاطمہ زہراؓ کا مہر (۴۰۰) مثقال یعنی ۱۰۴ تولہ ۲ ماشہ چاندی تھا —

سوال کیا تحطی پروردہ لڑکیاں اور لڑکے باندی غلام کے حکم میں داخل ہیں اور اُنکا نکاح بحالت نابالغی اُن کے مالک بحیثیت ولایت کرسکتے ہیں جواب ہرگز نہیں بلکہ یہ لوگ بھی حر و آزاد ہیں لونڈی اور غلام وہی ہیں کہ مسلمانوں کی فوج کفار پر غالب آکر اُنکی اولاد کو پکڑ کر دارالاسلام میں لادیں یا ایک ملک کے کفار دوسرے ملک کے کفار پر غالب آکر اُنکی اولاد کو پکڑ لادیں اور مسلمانوں کو بیچدیں ان دو صورتوں میں غلام اور لونڈی شرعی کہلاوینگے اور ان لونڈیوں کی اولاد بھی غلام شرعی ہوتی ہے فقط اسی طرح کی لونڈیوں سے بے نکاح صحبت جائز ہے نہ تحطی پروردہ لڑکیوں سے بے نکاح صحبت جائز ہے نہ اُن کے بلوغ ورضامندی بغیر کئے اُنکا نکاح کسی طرح اُنکا فرضی ولی کر سکتا ہے سوال نکاح کا مسنون و مستحب طریقہ بیان کرو جواب مستحب ہے کہ نکاح کی مجلس علانیہ طور پر منعقد کی جاوے اور خطبہ نکاح پڑھے خطبہ نکاح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

نحمده ونستعينه ونستغفره ونؤمن به ونتوكل عليه ونعوذ
بالله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا من يهده الله
فلا مضل له ومن يضلله فلا هادي له ونشهد ان لا اله الا الله
وحده لا شريك له ونشهد ان محمدا عبده ورسوله ارسله
بالحق بشيرا ونذيرا بين يدي الساعة من يطع الله ورسوله
فقد رشد ومن يعصهما فانه لا يضر الا نفسه ولا يضر
الله شيئا ونسأل الله ان يجعلنا ممن يطيعه ويطيع رسوله ويتبع
رضوانه ويجتنب سخطه فانما نحن به وله اما بعد فان خير
الحديث كتاب الله وخير الهدي هدي محمد صلى الله عليه وسلم و
شر الامور محدثاتها وكل محدثة بدعة وكل بدعة ضلالة وكل
ضلالة في النار قال الله تعالى يا ايها الناس اتقوا ربكم الذي خلقكم من
نفس واحدة وخلق منها زوجها وبث منهما رجالا كثيرا ونساء و
اتقوا الله الذي تساءلون به والارحام ان الله كان عليكم رقيبا يا ايها
الذين امنوا اتقوا الله وقولوا قولا سديدا يصلح لكم اعمالكم ويغفر لكم ذنوبكم
ومن يطع الله ورسوله فقد فاز فوزا عظيما يا ايها الذين امنوا اتقوا الله
حق تقاته ولا تموتن الا وانتم مسلمون قال الله تعالى فان خفتم الا
تقسطوا في اليتامى فانكحوا ما طاب لكم من النساء مثنى وثلث وربع
فان خفتم ان لا تعدلوا فواحدة او ما ملكت ايمانكم وانكحوا الايامى
منكم والصالحين من عبادكم وامائكم ان يكونوا فقراء يغنهم الله

مِنْ فَضْلِهٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِيْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَقَالَ تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَاِنِّيْ اُبَاهِيْ بِكُمُ الْاُمَمَ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَاِنَّهٗ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَاِنَّهٗ وِجَاءٌ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا كُلُّهَا مَتَاعٌ وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِهٖ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ - جب خطبہ تمام ہوجائے تو دولہن کا وکیل یا ولی دولہن کی اطلاع سے دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنا کر دولہا سے یا اس کے ولی سے مخاطب ہو کر کہے (الفاظ ایجاب) میں نے فلانہ بنت فلاں کو بمقابلہ اس مقدار...... مہر معجل یا موجل (جو کچھ قرار پائے) کے فلاں و فلاں کی شہادت سے تمہارے یا تم جسکے ولی ہو اسکے ساتھ نکاح کر دیا۔ اسکے جواب میں دولہا یا اس کا ولی کہے کہ میں نے منظور کیا ایسی باہمی گفتگو کا نام ایجاب و قبول ہے اور صرف ایک بار کے ایجاب و قبول سے نکاح ہوجاتا ہے تین مرتبہ اسکی تکرار کرنا جیسا کہ مروج ہے بالکل بے ضروری ہے جب یہ گفتگو ہو چکی تو نکاح ہو گیا اس گفتگو میں کسی تیسرے شخص کی مداخلت کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن جبکہ عورت یا اس کے ولی یا وکیل کو اتنا سلیقہ نہ ہو کہ خود ایجاب و قبول کر سکے یا سلیقہ ہو مگر یہ نکاح منعقد کرانیکی غرض سے کسی دوسرے شخص کو قائم کرے تو

ایسی حالت میں شرعاً دوسرے شخص کے ذریعہ ایجاب کا ادا کرنا درست وجائز ہے اور بالعموم اس ملک میں ایسا دوسرا شخص نائب قاضی ہوتا ہے پس نائب قاضی یا قاری یا لنکاح فریضہ ایجاب کو ادا کردے مگر اس صورت میں یہ شرط ہے ایجاب وقبول کے وقت خود ولی یا وکیل بھی موجود رہے ختم ایجاب وقبول کے بعد حسب ذیل دعا پڑھی جائے ۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمَا وَبَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا بِالْخَيْرِ وَاَخْرَجَ مِنْكُمَا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا مَحْفُوْظًا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ اٰدَمَ وَحَوَّاءَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ - اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ مُوْسٰى وَصَفُوْرَا عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ - اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ اِبْرَاهِيْمَ وَسَارَةَ وَهَاجَرَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ يُوْسُفَ وَزُلَيْخَا عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ سُلَيْمَانَ وَبِلْقِيْسَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِمَا السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَائِشَةَ وَخَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اسکے بعد مصری اور چھوہارا و بادام کا طبق نثار کرنا مستحب ہے۔

پھر دولھن کی جب جلوہ نمائی ہوتی ہے تو دولھے کو چاہیئے کہ دولھن کی پیشانی

پر ہاتھ رکھکر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ اور اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَ عَلَیْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَ عَلَیْهَا پڑہے دولہن کو اپنے گہر لیجانیکے بعد اسکی چادر پر دو رکعت نماز بطور شکریہ ادا کرے اور اُسکے ہردو پاؤں کو پانی سے دہوکر گہر کے کونوں میں چہڑکا کرے اور باوضو بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا پڑہکر قربت کرے تو اولاد نیک پیدا ہوگی خدا سبکی عاقبت بخیر فرماوے آمین

## تَارِیْخُ طَبْعِ هٰذَا الْكِتَابِ لِمُؤَلِّفِهٖ دام فضلہ

قَدْ طَبَعْنَا لِخَیْرِ خُطُبَاتٍ ‖ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذَا اِعْنَایَاتٍ
جَاءَ تَارِیْخُهٗ مِنَ الْقُرْاٰنِ ‖ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَاتٍ

## از مولوی سید عبید الله حسینی صاحب قادری شاگرد مؤلف کتاب ۱۳۳۲ھ

پیر سید خواجہ پیرِ طریق ‖ سید السادات محمود الصفات
بے بدل خطبات خیراتٌ حسان ‖ کرد تالیف عجب نیکو سمات
سال طبعش از عبید الله شنو ‖ وجہ آخر اَلْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَات

## از سید غوث پیران صاحب قادری کلاں ساکن جمبلگ ۱۳۲۳ف

جب لکھے خطبات خیراتٌ حسن ‖ شاہ سید خواجہ پیرِ زمن
غوث پیراں نے لکھا ہے طبع کا ‖ ظاہری و معنوی پر لطف سن
چھپ گیا مجموعۂ خطبات تھا ‖ جب ہزار و تین سو بتیس سن

۱۳۳۲ھ

تقریظ العلامة الادیب الاریب الامجد مولانا السید احمد بن محمد القدیمی الیمنی ادام فضله الغنی

نحمدک اللهم یا من نورت قلوب الشائقین بالواردات القدسیة و طوقتها بدائرات الشریعة المحمدیة وایدتها بروح القدس من الحضرة العلیة فهی متغنیة بالمواعظ البالغة مترنمة بالزواجر الدامغة داعیة الی الله علی رؤس الاشهاد قامعة لاهل البدعة والالحاد مرشدة لاهل الایمان الی سبیل الرشاد ونشهد ان لا اله الا الله الاحد الصمد المنان ونشهد ان محمدا عبده ورسوله المصطفی من عدنان صلی الله علیه وعلی آله البررة الاطهار وعلی اصحابه الهداة الابرار وبعد فانی تصفحت منتخب الخطب الخیرات الحسان مجموعة المولوی العلامة الادیب الفهامة الاریب الجامع بین شرفی العلم والنسب و اللطف والحسب السید مخدوم الحسینی فوجدتها قطوفا دانیة قد احتوت علی جمل من الآیات القرآنیة مرتبة بالنبویات السماویة والوقفات الفرقانیة صادعة للقلوب القاسیة نافعة لاذان واعیة دافعة للعوارض النفسانیة واقیة لمن تدبرها من اهوال الساهرة شافعة لمؤلفها وسامعها فی الدنیا والآخرة ونختم بالصلاة والسلام علی سید الوجود الداعی الی دار السلام وعلی آله وصحبه البررة الکرام کتبه خادم الفقراء احمد بن محمد القدیمی الیمنی عفی الله عنه تمت الخطبات وعمت الخیرات والبرکات فالحمد لله